آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز پیر 28 نومبر 2022ء بمطابق 03 جمادی الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 279

جنرل ساحر شمشاد نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا چارج سنبھال لیا

جوائنٹ اسٹاف ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں منعقدہ پروقار تقریب میں جنرل ساحر شمشاد مرزا، نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے عہدے کا چارج سنبھالا

ترجمان پاک فوج کے مطابق اس موقع پر چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کو چاق و چوبند جوائنٹ سروسز گارڈ نے سلامی پیش کی

تقریب میں افواج کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران کے علاوہ سابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کی بھی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) جنرل ساحر شمشاد مرزا نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ جوائنٹ اسٹاف ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں منعقدہ پروقار تقریب میں جنرل ساحر شمشاد مرزا، نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے عہدے کا چارج سنبھالا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق تقریب میں تینوں مسلح افواج کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران کے علاوہ سابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی نے بھی شرکت کی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق اس موقع پر چیئرمین جوائنٹ چیفس آف بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ڈپٹی کمشنر آواران کیپٹن (ر) جمعہ خان مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع	
فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

افسران خود کو عوام کا خادم سمجھیں، اپنے دروازے ہمیشہ کھلے رکھیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

جلد ضلعوں کی سطح پر ڈپٹی کمشنروں کی زیرنگرانی وزیراعلیٰ کمپلینٹ مراکز قائم کئے جائیں گے جو بزریعہ انٹرنیٹ وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کے مرکزی کمپلینٹ سینٹر سے براہ راست منسلک ہونگے

زرائع مواصلات کی بہتری اور روڈ کنیکٹیویٹی کے منصوبے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا حصہ ہیں جن کے لئے اربوں روپے مختص ہیں ڈپٹی کمشنرز اپنے اضلاع میں ان منصوبوں کی معیاری اور بروقت تکمیل کے لئے محکمہ مواصلات کو بھرپور تعاون فراہم کریں

تمام اضلاع میں امن امان کے قیام کیساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی نگرانی، تعلیم وصحت کے اداروں کی کارکردگی کی بہتری ڈپٹی کمشنرز کے فرائض میں شامل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ اضلاع میں امن امان کے قیام کے ساتھ ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے اعلیٰ نگرانی اور تعلیم وصحت کے اداروں کی کارکردگی کی بہتری بھی ڈپٹی کمشنروں کے فرائض میں شامل ہے یہ امر باعث اطمینان ہے کہ اس حوالے سے صوبے کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آواران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا جنہوں نے یہاں ان سے ملاقات کی اور وزیراعلیٰ کو ضلع آواران میں امن امان برقرار رکھنے کے لئے جاری اقدامات ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور دیگر انتظامی امور پر بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے وزیراعلیٰ کے حالیہ دورہ آواران میں وزیراعلیٰ کی جانب سے اعلان کے گئے منصوبوں اور ہدایات پر عملدرآمد بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور سینیٹر سعید احمد ہاشمی ملاقات کررہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی ایک حقیقت بن چکی ہے، شازیہ مری

موسمیاتی تبدیلی کے باعث پاکستان میں تباہ کن سیلاب سے 33 ملین افراد متاثر ہوئے ہیں

امید کرتے ہیں کہ عالمی برادری اس پر سنجیدگی سے کچھ حقیقی اقدامات اٹھائے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت اور سماجی تحفظ اور چیئرپرسن چینجر ایکم سپورٹ پروگرام شازیہ عطامری کی اپیئن کے شہر میڈرڈ میں جاری 26 ویں سوشلسٹ انٹرنیشنل کانگریس کے اجلاس میں شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے سوشلسٹ انٹرنیشنل کے اہم اجلاس کے بعد اپنے خطاب میں عالمی سطح پر جاری جنگوں اور تنازعات سے متاثرہ خواتین اور بچوں کے ساتھ یکجہتی کا کیا اور پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات پر بھی تفصیلی بات کی۔ وفاقی وزیر شازیہ مری بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

سواتی کی گرفتاری رول آف لا ہے تو قانوناً کلبھوشن کو کتنی سزا دی گئی؟ بابر اعوان

اعظم سواتی کو تشدد کیا گیا ہراساں کیا گیا، عدالت کو ان کی ٹوٹی ہوئی ہڈیاں دکھائی گئیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے وکیل بابر اعوان نے کہا ہے کہ اعظم سواتی کی گرفتاری۔ اعظم سواتی کی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر بابر اعوان اور عمران اسماعیل نے کہا کہ ایف آئی اے بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 6 اضلاع میں انسداد پولیو مہم (آج) سے شروع ہوگی

7 روزہ خصوصی مہم کے دوران 9 لاکھ 78 ہزار بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 6 اضلاع کی 203 یونین کونسلوں میں انسداد پولیو مہم (آج) پیر سے شروع ہوگی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق 7 روزہ خصوصی مہم کے دوران 9 لاکھ 78 ہزار بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ای او سی کے مطابق انسداد پولیو کی بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی سینیٹر سعید احمد ہاشمی سے ملاقات سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی سینیٹر سعید احمد ہاشمی سے ملاقات سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی مصروفیات کی وجہ سے سیاسی صورتحال پر مشاورت کیلئے کیلئے بلایا گیا سینئر قیادت کا اجلاس ملتوی

شہباز شریف سے مصدق ملک اور احد چیمہ نے ملاقات کی، وزیراعظم حتمی رائے کے لیے پہلے نواز شریف سے مشاورت کریں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی خاندانی مصروفیات کی وجہ سے موجودہ سیاسی صورتحال پر مشاورت کیلئے کیلئے بلایا گیا سینئر قیادت کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے صوبائی اسمبلیوں سے باہر آنے کے اعلان کے بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان کا دورہ بلوچستان سے صوبے میں سیاسی انقلاب برپا ہوگا' حاجی عزیز اللہ آغا

سرانان (آن لائن) قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان کا دورہ بلوچستان سے صوبے میں سیاسی انقلاب برپا ہوگا امت مسلمہ کے عظیم قائد کے وژن ہی کی بدولت ملک سے بین الاقوامی سازش خاتمہ ہوا یہ بات جمعیت علما اسلام کے رہنما، ایم پی اے سید حاجی عزیز اللہ آغا نے میڈیا کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

اپر کوہستان جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ فضل الرحمن جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعظم سواتی کے خلاف کچلاک میں مقدمہ درج

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعظم سواتی کے خلاف کچلاک میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

قلات شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا

قلات (این این آئی) قلات شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا شدید سردی میں سوئی گیس کی بندش اور بجلی کی بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

مستونگ قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ میں چار افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع مستونگ قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ میں چار افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

ایس پی پولیس کے قافلے میں شامل پولیس گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار دو افراد شدید زخمی

کوہلو (آن لائن) ایس پی پولیس کے قافلے میں شامل پولیس گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار دو افراد شدید زخمی تفصیلات بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

آصف علی زرداری سے اسحٰق ڈار سے ملاقات، مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری سے وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ملاقات کی جس میں مجموعی سیاسی بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

زرتاج گل کا مریم نواز کو کسی بھی حلقے سے انتخاب لڑنے کا چیلنج

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما زرتاج گل نے مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کو کھلا چیلنج بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی جلسے میں سرکاری وسائل کا استعمال، یاسمین راشد پولیس وین میں پہنچیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے راولپنڈی میں ہونے والے جلسے میں سرکاری وسائل کا استعمال بھی کیا گیا۔ پی بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

کورونا کے مزید 31 کیسز رپورٹ، 40 مریضوں کی حالت نازک

اسلام آباد (این این آئی) قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

وزیر دفاع: عمران ہماری حکومت گرانے کی بجائے اپنی دو حکومتیں گرانے آیا تھا

راولپنڈی میں پی ٹی آئی کا جلسہ تنگ سڑک پر کیا گیا، اگلے جلسے گلیوں میں ہوں گے، اقتدار ابھی ایک نشہ ہے، وہ نشہ ان کو تنگ کررہا ہے

مراد سعید ارشد شریف قتل کیس کی تحقیقاتی ٹیم کے سامنے نہیں آرہے، اگر اس لیپ ٹاپ میں کسی طرف اشارہ ہے تو سامنے آئیں، وزیر دفاع

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان راولپنڈی میں ہماری حکومت گرانے کی بجائے اپنی دو حکومتیں گرانے آئے تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ عمران خان کی گفتگو بے ربط ہوچکی ہے، رات جو انہوں نے اعلانات کیے، اس کا آئینی اور عوامی طور پر بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ راولپنڈی میں پی ٹی آئی کا جلسہ تنگ سڑک پر کیا گیا، اگلے جلسے گلیوں میں ہوں گے، اقتدار ابھی ایک نشہ ہے، وہ نشہ ان کو تنگ کررہا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ اعظم سواتی والی ویڈیو فیک بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

انڈس ہائی وے پر دھند کے سبب حادثہ، ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

انڈس ہائی وے پر دھند کی وجہ سے حدنگاہ متاثر تھی جس کے باعث کار اور ٹریکٹر میں ٹکر ہوئی، پولیس

لاڑکانہ (این این آئی) انڈس ہائی وے پر دھند ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی موت کا سبب بن گئی۔ پولیس کے مطابق خیرپور جوہو گوٹھ کے قریب انڈس ہائی وے پر دھند کے باعث حادثہ پیش آیا۔ پولیس کی جانب سے بتایا گیا کہ انڈس ہائی وے پر دھند کی وجہ سے بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

ہم پاکستان کی ترقی خوشحالی کے واضح ایجنڈا پر کاربند ہیں، مریم اورنگزیب

حکومت عمران خان کی چار سال میں لائی تباہی کو ٹھیک کرنے کی کوشش کررہی ہے

مہنگائی، معاشی و خارجہ تعلقات کی تباہی، تاریخی قرض سب عمران خان کی لیگسی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت عمران خان کی چار سال میں لائی تباہی کو ٹھیک کرنے کی کوشش کررہی ہے انہوں نے کہا کہ مہنگائی، معاشی و خارجہ تعلقات کی تباہی، تاریخی قرض سب عمران خان کی لیگسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی توجہ صرف اور صرف عوام کو درپیش مسائل پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے واضح ایجنڈا پر کاربند ہیں، اس ایجنڈے کے ذریعے ہم نے پاکستان کے اندر اور بیرونی دنیا پر ہماری قومی ترجیحات اور سوچ واضح کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعمیر اور تخریب کے دو کردار قوم کے سامنے ہیں، الیکشن وقت سے پہلے کیوں کرائیں کیونکہ عمران خان کا اقتدار ختم ہوگیا ہے۔ انہوں بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کے اثاثوں سے متعلق اعداد و شمار گمراہ کن اور مفروضوں پر مبنی ہیں، آئی ایس پی آر

ہر شہری کی طرح آرمی چیف اور ان کی فیملی ٹیکس حکام کے سامنے اپنے اثاثہ جات سے متعلق جواب دہ ہیں، بیان

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے خلاف مذموم مہم کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سپہ سالار اور ان کی فیملی کے اثاثوں سے متعلق سوشل میڈیا پر گمراہ کن اعداد و شمار شیئر کیے گئے ہیں۔ اتوار کو آئی ایس پی آر نے اپنے جاری ایک بیان میں کہا کہ ایک خاص گروپ نے نہایت چالاکی و بددیانتی کے ساتھ جنرل باجوہ کی بہو کے والد (سمدھی) اور فیملی کے اثاثوں کو آرمی چیف اور خاندان سے منسوب کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ سراسر غلط تاثر دیا جارہا ہے کہ یہ اثاثے آرمی چیف جنرل باجوہ کے چھ سالہ دور بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

عمران خان چور دروازے سے اقتدار میں آئے پچھلی گلی سے نکل کر بھاگ گئے، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی اور ترجمان پیپلزپارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ عمران خان چور دروازے سے اقتدار میں آئے پچھلی گلی سے نکل کر بھاگ گئے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان چور دروازے سے اقتدار میں آئے پچھلی گلی سے نکل کر بھاگ گئے، نہ پنجاب اور نہ ہی خیبرپختونخوا اسمبلی بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

سوات وزیراعظم کے مشیر انجینئر امیر مقام پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

پیمرا نے اعظم سواتی کی تقریر، پریس کانفرنس یا پروگرام نشر کرنے پر پابندی لگادی

احکامات کی خلاف ورزی پر ٹی وی چینلز کا لائسنس بغیر شوکاز نوٹس معطل کردیا جائے گا: پیمرا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) نے سوشل میڈیا پر متنازع بیانات دینے کے الزام میں گرفتار پی ٹی آئی کے سینیٹر اعظم خان سواتی کی تقاریر، پریس کانفرنس یا پروگرام نشر کرنے پر پابندی عائد کردی۔ پیمرا کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ اعظم سواتی نے 26 نومبر کو راولپنڈی میں ہونے والے جلسے میں اداروں پر بغیر ثبوت کے الزامات عائد کیے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ سینیٹر اعظم خان سواتی کی تقاریر، پریس کانفرنس یا پروگرام نشر کرنے بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

عمران خان اسمبلیاں توڑنے کا کہیں گے تو ایک منٹ کی دیر نہیں ہوگی، پرویز الٰہی

ہم وضع دار لوگ ہیں جس کے ساتھ چلتے ہیں اس کا ساتھ نہیں چھوڑتے، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان اسمبلیاں توڑنے کا کہیں گے تو ایک منٹ کی دیر نہیں ہوگی۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب حکومت عمران خان کی امانت ہے، ہم وضع دار لوگ ہیں جس کے ساتھ چلتے ہیں اس کا ساتھ نہیں چھوڑتے، اسمبلیوں سے جب اٹھنے دیئے تو شہباز شریف کی 27 کلومیٹر کی حکومت 27 گھنٹے بھی نہیں چل سکے گی، عمران خان اسمبلیاں توڑنے بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

ہماری تحریک قانون کی حکمرانی اور حقیقی آزادی تک جاری رہے گی، عمران خان

سینیٹر اعظم سواتی کو حراست میں تشدد اور بلیک میل کرنے والی ویڈیو انکی بیوی کو بھیجی جانے والی تکلیف کو کوئی کیسے نہیں سمجھ سکتا؟، سابق وزیراعظم

پاکستان بھر سے بڑی تعداد میں لوگوں کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان کا سینیٹر اعظم سواتی کی گرفتاری پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ناانصافی پر اعظم سواتی کا غصہ جائز، ریاستی فاشزم کیخلاف سب کو آواز اٹھانا ہوگی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ حیران ہوں کہ ہم کتنی تیزی سے ایک فاشسٹ ریاست کی طرف بڑھ رہے ہیں، سینیٹر اعظم سواتی کو حراست میں تشدد اور بلیک میل کرنے والی ویڈیو انکی بیوی کو بھیجی جانے والی تکلیف کو کوئی کیسے نہیں سمجھ سکتا؟۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ ناانصافی پر اعظم سواتی کا غصہ اور مایوسی جائز ہے، خاص طور پر سینیٹرز کی طرف سے ان کی حمایت میں اپیلوں کے پندرہ دن سے زیادہ کے باوجود سپریم کورٹ کے دروازے ان کے لئے بند رہے۔ عمران خان بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں مرغی کی گوشت میں ہفتہ رفتہ کے دوران ایک بار پھر اضافہ کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مرغی کی گوشت میں ہفتہ رفتہ کے دوران ایک بار پھر اضافہ کردیا گیا مرغی کا گوشت فی کلو چار سو ستر روپے میں فروخت ہورہا ہے، شہری اس مہنگائی پر پریشان ہیں لیکن ابھی کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے۔ کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں پچاس روپے کا اضافہ ہوگیا ہے اور ایک ہفتے کے دوران چکن کی فی کلو بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کے استعفوں کے بعد 563 نشستوں پر انتخابات ہوں گے، فواد چوہدری

انتخابات کے نام پر رانا ثناء اللہ اینڈ کمپنی کو پسینے کیوں آرہے ہیں، گفتگو

عمران خان کا عوام پر اعتماد ہے اس لیے اپنی حکومتیں تحلیل کرکے انتخابات میں جارہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے استعفوں کے بعد 563 نشستوں پر انتخابات ہوں گے، عمران خان عوام کے اعتماد کی وجہ سے الیکشن میں جارہے ہیں۔ فواد چوہدری نے رانا ثناء اللہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں کل 859 نشستوں پر براہ راست انتخابات ہوتے ہیں، تحریک انصاف کے استعفوں کے نتیجے میں قومی اسمبلی کی 123، پنجاب اسمبلی کی 297 نشستوں، خیبرپختونخوا کی 115 نشستوں، سندھ اسمبلی کی 26 اور بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

چین کی ترقی کا چمتکار خصوصی اقتصادی زونز کے قیام سے جڑا ہے، وفاقی وزیر تجارت

پاکستان مختلف اشیا کے مقامی درآمد کنندگان کو سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی پرعزم ہے

پاکستان اور چین کے درمیان جغرافیائی محل وقوع اور تاریخی طور پر قریبی تعلقات کی بڑی صلاحیت ہے، سید نوید قمر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ چین کی ترقی کا چمتکار خصوصی اقتصادی زونز کے قیام سے جڑا ہے، ہم خصوصی اقتصادی زونز کی اہمیت سے واقف ہیں، پاکستان مختلف اشیا کے مقامی درآمد کنندگان کو سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی پرعزم ہے۔ گوادر پرو کے مطابق وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر اور ایڈیشنل سیکرٹری خارجہ امور (ایشیا و پیسفک) ممتاز زہرہ بلوچ نے چینی چین نژ ہنوبی ایشیا نمائش اور 26 ویں چائنا کنگ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ میلے میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ افتتاحی تقریب میں وزیر نوید قمر نے ایکسپو میں شرکت کرنے والی کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ پاکستان اور چین کے درمیان سرمایہ کاری تعلقات کو بڑھانے کے لیے نئے طریقے تلاش کریں۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

مجھے تاجکستان جانے سے روک دیا گیا، رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ

اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان سے تعلق رکھنے والے رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ نے الزام لگایا ہے کہ انہیں وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر سیکیورٹی کانفرنس کیلئے تاجکستان جانے سے روک دیا۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے ایک بیان میں رکن قومی بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

چینی سفارت خانے کی پاک فوج کی نئی اعلیٰ قیادت کو مبارکباد

جنرل قمر جاوید باجوہ اور جنرل ندیم رضا کی خدمات کے بھی معترف

دونوں ممالک خطے اور دنیا کے استحکام کیلئے مشترکا اور قریبی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں قائم چین کے سفارت خانے کی جانب سے نئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد کو عہدے سنبھالنے پر مبارکباد دی گئی ہے۔ چین کے سفارت خانے کی جانب سے ٹائیکرو بلاگنگ سائٹ پر اپنے پیغام میں کہا گیا کہ افواج کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور تعاون کو فروغ دینے میں جنرل قمر جاوید باجوہ اور جنرل ندیم رضا کے تعاون کو بھی سراہتے ہیں۔ اپنے بیان میں چین کے سفارت خانے کی جانب سے لکھا گیا بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں مرغی کی گوشت میں ہفتہ رفتہ کے دوران ایک بار پھر اضافہ کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں مرغی کی گوشت میں ہفتہ رفتہ کے دوران ایک بار پھر اضافہ کردیا گیا مرغی کا گوشت فی کلو چار سو ستر روپے میں فروخت ہورہا ہے، شہری اس مہنگائی پر پریشان ہیں لیکن ابھی کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے۔ کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں پچاس روپے کا اضافہ ہوگیا ہے اور ایک ہفتے کے دوران چکن کی فی کلو بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

ملک کے خلاف کوئی سازش ہے تو اس کا نام عمران خان ہے، مولانا فضل الرحمن

عمران خان اسلام آباد آتا تو اس کی تباہی مچ جاتی، 10 لاکھ لوگوں کا کہہ کر 10 ہزار جمع کرسکے

ملک میں مستحکم سیاسی نظام کی جنگ لڑ رہے ہیں، اگر یہ استعفے دیں تو ملک کا نظام ان سے پاک ہوجائیگا، جلسے سے خطاب

اپر کوہستان (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) اور حکمران اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے سابق وزیراعظم عمران خان پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے وہ کہتے ہیں اسلام آباد آتا تو تباہی مچ جاتی، اگر وہ آتے تو ان کی تباہی مچ جاتی، 10 لاکھ لوگوں کو اکٹھا کرنے کا کہہ کر صرف 10 ہزار لوگ جمع کرسکے، ملک کے خلاف کوئی سازش ہے تو اس کا نام عمران خان ہے، عمران خان کو ایک گولی تو گھر میں بھی بلٹ پروف شیشے لگا رہے ہیں، مجھ پر تین خودکش حملے ہوئے آج بھی عوام کے سامنے کھلے میدان میں کھڑا ہوں، ہمیں عمران خان کا ایجنڈا معلوم تھا، ہم نے اس کے ایجنڈے کو ناکام بنایا، اپنے لئے کام کردیا، ہم کیا کرسکتے ہیں، ملک میں مستحکم سیاسی نظام کی جنگ لڑ رہے ہیں، اگر یہ استعفے دیں تو ملک کا نظام ان سے پاک ہوجائیگا۔ پارٹی کے بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

فوج ملک، قوم کی دفاع کا حصار ہے، امان اللہ کنرانی

پاکستان کا چپہ چپہ اور 22 کروڑ عوام کا بچہ بچہ انکے ساتھ ہے

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے کہا ہے کہ سپہ سالار پاکستان قمر جاوید باجوہ کے حالیہ اعترافی بیان کے بعد اداروں کا سیاسی انجینئرنگ کے تحت حکومتوں کا قیام فروری 2022 سے اختتام کے سفر، لیپا پوتی حکمران کے اقدامات و احکامات قابل مواخذہ و عوامی محاسبہ و آئینی و قانونی لکیر کی گرفت میں لانے کیلئے سپریم کورٹ پاکستان کا 17 ججز کا بنچ ٹوئس لیکر مستقبل کی پیش بندی کرے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

ساجد طوری کا پاک افغان بارڈر کا دورہ، آمد و رفت و تجارت بحال کرنے کا فیصلہ

پارا چنار (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل ساجد حسین طوری نے آج اتوار کو ضلع کرم کے علاقے خرلاچی اور بوڑ کی پاک افغان سرحد کا دورہ کیا جہاں پر بارڈر حکام نے انہیں سرحد کی صورتحال پر بریفنگ دی اور دونوں اطراف کے عمائدین اور حکام نے بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

عمران خان اسمبلیاں توڑنے کا کہیں گے تو ایک منٹ کی دیر نہیں ہوگی، پرویز الٰہی

ہم وضع دار لوگ ہیں جس کے ساتھ چلتے ہیں اس کا ساتھ نہیں چھوڑتے، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان اسمبلیاں توڑنے کا کہیں گے تو ایک منٹ کی دیر نہیں ہوگی۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب حکومت عمران خان کی امانت ہے، ہم وضع دار لوگ ہیں جس کے ساتھ چلتے ہیں اس کا ساتھ نہیں چھوڑتے، اسمبلیوں سے جب اٹھنے دیئے تو شہباز شریف کی 27 کلومیٹر کی حکومت 27 گھنٹے بھی نہیں چل سکے گی، عمران خان اسمبلیاں توڑنے بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

آزاد کشمیر، ووٹرز کو لیکر جانے والی جیپ کھائی میں جاگری، 6 خواتین جاں بحق

ڈرائیور سمیت 7 خواتین ووٹرز زخمی ہوئی ہیں، 6 کی حالت نازک ہے، پولیس

نیلم (این این آئی) آزاد کشمیر کے علاقے وادی نیلم میں خواتین ووٹرز کو لے کر جانے والی جیپ کھائی میں جاگری جس کے نتیجے میں 6 خواتین ووٹرز جاں بحق اور ڈ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نجی نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

28 نومبر 2022ء

بلوچستان 6 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم شروع

بلوچستان کے 6 اضلاع کی 203 یونین کونسلز میں سات روزہ انسداد پولیو مہم 28 نومبر بروز پیر سے شروع ہوگی۔ سات روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 9 لاکھ 78 ہزار کے قریب بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، پولیو مہم کے دوران 4 ہزار 160 کے قریب ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر مامور ہوں گی۔ مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سیکورٹی دی جائے گی، جس پر بلوچستان لیویز، پولیس اور ایف سی کے جوان تعینات ہوں گے، پولیو وائرس ان بچوں کو اپنا نشانہ بنا سکتا ہے جو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ بلوچستان میں جنوری سال 2021 سے اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، بلوچستان کے ماحولیات میں اپریل 2021 سے اب تک پولیو وائرس نہیں ہے۔ ملک دیگر صوبوں کے اضلاع اور افغانستان میں پولیو وائرس کی موجودگی صوبہ بلوچستان کے بچوں کے لئے ایک بڑا خطرہ ہے۔ تمام والدین سے اپیل کی کہ پولیو سے بچاؤ کی مہم کے دوران پولیو ورکرز سے بھرپور تعاون کریں، اپنے بچوں کو پولیو ویکسین ضرور پلائیں، پولیو کے خاتمے کیلئے ہونے والی مہمات کے باعث آج بلوچستان میں اس مرض پر ممکنہ حد تک قابو پالیا گیا ہے جو کہ بڑی پیشرفت ہے، اس ضمن میں معاشرے کے تمام طبقات کا کردار ادا کرنا خوش آئند بات ہے۔ جس سے اس مرض کے تدارک میں مدد مل رہی ہے۔ لوگوں میں اس بارے میں شعور اجاگر کرنے میں دیگر طبقات کے ساتھ علماء کرام کا کردار نہایت ہی اہم ہے، جس کے باعث آج پولیو کے خلاف ہم منظم انداز میں مہم چلا کر اپنے بچوں کو محفوظ بنا رہے ہیں۔

حقیقی آزادی کا نعرہ اور عوام (آخری قسط)

نسیم شاہد

یرغمال بن گیا اور یہ بھول گیا کہ اس نے اپنی پارٹی کے منشور میں طاقت کا سرچشمہ عوام کو بنا رکھا ہے عوام کی سنے بغیر اگر کوئی یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ ملک میں حقیقی جمہوریت یا آزادی لے آئے گا تو یہ اس کا سراب ہے دھوکہ ہے۔ آج عمران خان کی ساری جدوجہد اس لئے ہے کہ وہ فوری انتخابات چاہتے ہیں، اس کے لئے وہ حقیقی آزادی کا نعرہ بھی لگا رہے ہیں اور لانگ مارچ بھی کر رہے ہیں مگر سوال یہ ہے کہ وہ اگر عام انتخابات کی تاریخ وقت سے پہلے لینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو کیا تحریک انصاف کی ٹکٹیں عوامی رائے کو مدنظر رکھ کر تقسیم کریں گے؟ حقیقی آزادی کا تقاضا تو یہی ہے کہ وہ ایسے لوگوں کو ٹکٹ دیں جو ان طبقوں سے تعلق نہ رکھتے ہوں؟ جو ستر برسوں میں عوام کے استحصال کی وجہ رہے ہیں کیا وہ ایسا کر پائیں گے؟ کیا جاگیرداروں، سرمایہ داروں اور چند فیصد اشرافیہ سے باہر نکل کر اپنے نظریاتی کارکنوں کو ٹکٹیں دیں گے، کبھی نہیں آگے پھر وہی آئیں گے جو غلامی کی پیداوار ہیں جن کا اصل مقصد یہی ہے کہ عوام کو دبا کر رکھا جائے اور ان کے نام پر سیاست کر کے اپنا اقتدار قائم کیا جائے۔

عوام کو حقیقی آزادی اس اشرافیہ سے چاہئے جس نے پون صدی سے عوام پر اپنا تسلط جما رکھا ہے، اس وقت سیاسی منظر نامے پر بشمول تحریک انصاف کوئی بھی سیاسی جماعت ایسی نہیں جو اس اشرافیہ کے خلاف کھڑے ہونے کی جرأت رکھتی ہو۔ عمران خان بھی اگر اپنے دائیں بائیں دیکھیں تو انہیں یہی اشرافیہ اپنے گرد گھیرا ڈالے نظر آئے گی۔ باقی سیاسی جماعتوں کی تو بات ہی کیا کرنی، وہ تو حقیقی آزادی کا نعرہ بھی نہیں لگاتیں۔ عوام کا ذکر بھی وہ تبھی کرتے ہیں جب انہیں اپنا مفاد پورا کرنا ہوتا ہے۔ اس کی سب سے اہم مثال یہ ہے کہ تحریک انصاف حکومت کے آخری دنوں میں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور جمعیت علمائے اسلام نے مہنگائی کے خلاف لانگ مارچ کئے آج ثابت ہو گیا کہ مقصد عوام کو مہنگائی سے بچانا نہیں بلکہ اس نعرے کی آڑ میں حکومت کو گرانا تھا کیونکہ مہنگائی تو ان کے دور میں پہلے سے زیادہ ہو گئی، عوام کو یہ بات سمجھ آ جانی چاہئے کہ ان کے نام پر صرف سیاست ہوتی ہے، ان کا حقیقی غم کسی سیاسی جماعت کو بھی نہیں جب تک یہ سیاسی جماعتیں اشرافیہ کے پنجوں سے آزاد نہیں ہوتیں، عوام کی حقیقی نمائندہ نہیں بنتیں اس وقت تک حقیقی آزادی کا نعرہ یا دوٹ کو عزت دو کا، سب ایک ڈھکوسلہ ہے، فراڈ ہے اور عوام کے ساتھ شرمناک مذاق کے سوا کچھ نہیں۔

☆☆☆☆☆

چیف جسٹس کی صوابدید اور سودی معرکہ

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

سامی رابطے پر ایک صاحب نے سوال کیا: "سپریم کورٹ میں حالیہ اضافوں کے بعد اب چیف جسٹس والے بینچ میں اور کون بنچ ہوں گے"؟ ایک غیر متعلقہ معمولی پڑھے لکھے شخص نے جن ججوں پر مبنی بنچ کی پیش گوئی کی، چند دن بعد بینچ انہی معززین پر مشتمل تھا۔ ادھر الیکشن کمیشن نے بانی کو رٹوں میں عمران خان کے خلاف توہین عدالت کے مقدمات پر امتناع جاری کیے تو کمیشن نے سپریم کورٹ میں اپیل کر دی۔ چیف جسٹس نے اپنی صوابدید پر یہ فیصلہ کیا کہ اس اپیل کی سماعت وہی نیا بینچ کرے گا۔ اب ہمارے اس "نجومی" نے پیشگوئی یوں کی: "آپ چاہیں تو میں ممکنہ نہیں، یقینی اور لفافہ بند فیصلہ آپ کو لکھ دیتا ہوں، فیصلہ وہی ہوگا جو میں نے لکھا ہوگا"۔

دن بھر کی مصروفیت کے بعد معزز ججوں کو خانگی زندگی کے ساتھ ساتھ رات کو بے پناہ مطالعہ بھی کرنا پڑتا ہے۔ کاش ہمارے یہ معززین وقت نکال کر فیس بک، ٹوئٹر اور دیگر جدید ذرائع ابلاغ پر نظر ڈال کر لیا کریں، انہیں اندازہ ہوگا دوران سماعت ججوں کے بولتے رہنے اور یکساں نوعیت کے یک رخے سیاسی فیصلوں کے سبب بیشتر معمولی پڑھے لکھے افراد بھی ججوں کا ذہن پڑھ کر ان کے بارے میں درست رائے قائم کر لیتے ہیں۔ ان نئے وسائل ابلاغ پر جس "طیفے" انداز میں جسٹس منیر تا جسٹس ثاقب نثار اور بعض دیگر ججوں کا نوحہ پڑھا جاتا ہے، میر ببر علی انیس یہاں آپ کو طفل مکتب نظر آئیں گے۔

جن "لوگوں" نے گزشتہ 75 سال سے جمہوریت کو بچہ جمہورا بنا کر پارلیمان اور وزیر اعظم کو مواقع کی مناسبت سے بے توقیر کر رکھا تھا۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ ان میں سے ایک ادارے کا ایک نمائندہ مجاز اور ایک انتہائی بااختیار افسر پریس کانفرنس میں بیٹھ کر دونوں کھلے بندوں یوں اعتراف کر چکے ہیں: "ہم سے غلطیاں ہوئی ہوں گی"۔ اور ان کے سربراہ کا یہ مختصر اعترافی جملہ کیا کافی نہیں ہے؟: "فوج آب سیاست میں حصہ نہیں لے گی"۔ اسی حساس ادارے کے سربراہ اپنی اسی پریس کانفرنس میں اعلان کر چکے ہیں کہ "سیاسی امور سے لاتعلق رہنے کا فیصلہ پورے ادارے کا فیصلہ ہے"۔ گویا اب یہ ادارہ ایوب خان، یحییٰ خان، ضیاالحق اور پرویز مشرف کی آئین شکنیوں سے لاتعلق ہے۔

دوسرے ادارے کا معاملہ ذرا توجہ طلب ہے۔ عدلیہ کے کئی معزز بنچ صاحبان بدقسمتی سے آج بھی جسٹس منیر اور ثاقب نثار کے ظلمات راہ سے مستفید ہوتے نظر آتے ہیں۔ لیکن یہ گفتگو آئندہ کبھی سہی۔ چیف جسٹس کے صوابدیدی اختیارات پر قانون سازی نہ ہونے کے سبب جسٹس منیر کی (بد) روح آج بھی سایہ فگن ہے۔ اب اگر چیف جسٹس اللہ والا ہو تو وہ اپنی صوابدید احساس جواب دہی کے ساتھ استعمال کرے گا۔ لیکن عدلیہ پر جنرل پرویز مشرف نے جو کلہاڑا چلایا تھا، اس کے زخم آج تک مندمل نہیں ہو سکے۔ رہی سہی کسر انیسویں دستوری ترمیم سے پوری ہو گئی۔ جوڈیشل کمیشن کے سامنے نام رکھنے کے حوالے سے چیف جسٹس آف پاکستان ہی کو اختیار حاصل ہے۔

وفاقی شرعی عدالت نے اسی اپریل میں سود کی تمام شکلوں کو مکرر خلاف قرآن وسنت قرار دیا۔ یہ معاملہ عدالتوں میں تین عشروں سے اٹکا ہوا ہے۔ تفصیل میں جائے بغیر یہی کہنا کافی ہے کہ اس آخری فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں متعدد اپیلیں دائر ہو چکی ہیں۔ اگرچہ وفاقی وزیر خزانہ نے حکومتی اپیل واپس لینے کا اعلان کر دیا ہے لیکن مسلم کمرشل بینک اور یونائیٹڈ بینک بھی اس مقدمے کے فریق ہیں جن کی اپیل برقرار ہے۔ اصول یہ ہے کہ فیصلے کے خلاف اپیل پر فیصلہ معطل اور مقدمے کی سماعت ناگزیر ہو جاتی ہے۔ لیکن اللہ اور اس کے رسول کے خلاف اعلان جنگ پر مبنی اس اپیل کی سماعت کے لیے شریعت اپیلیٹ بینچ تشکیل ہی نہیں دیا گیا۔ تاہم اس ایک اپیل کا مذکور ہی کیا، دو سال ہونے کو ہیں، کسی محترم چیف جسٹس نے شریعت اپیلیٹ بینچ کے عدم وجود کا نوٹس نہیں لیا۔

سود پر عدالت کا ریمانڈ کردہ فیصلہ وفاقی شرعی عدالت میں 21 سال زیر سماعت رہا۔ اس طویل مدت کے بعد دیے گئے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں پھر اپیل کر دی گئی ہے۔ کوئی بات نہیں، یہ قانونی عمل ہے جس کا جواز موجود ہے۔ لیکن چاہیے تو یہ تھا کہ اس اپیل کے ساتھ ہی عمران خان کی اپیلوں کی طرح محترم چیف جسٹس معدوم شریعت اپیلیٹ بینچ کو زندہ کر کے فوراً سماعت شروع کرا دیتے۔ بینچ کی تشکیل چیف کی صوابدید ہے۔ محترم چیف جسٹس کے یہ صوابدیدی اختیارات نہایت مستحکم ہیں۔ یہاں ناظرین کو سورہ بقرہ کی آیت 279 یاد دلانا شاید مفید ہو، جس میں سودی معاملے پر اللہ اور اللہ کے رسول کا اعلان جنگ ہے۔ فرمان الٰہی ہے: "اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور تمہارا جو سود لوگوں پر باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو..... اگر تم نے ایسا نہ کیا تو جان لو، یہ اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف سے تمہارے خلاف اعلان جنگ ہے"۔

یہ آیت حدیث کے بغیر سمجھنا ممکن نہیں۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود لینے دینے والوں، گواہوں اور معاہدہ سود کی کتابت کرنے والوں پر لعنت فرمائی، فرمایا یہ سب لوگ اس گناہ میں برابر کے شریک ہیں۔ سود نے تو ختم ہونا ہی ہونا ہے۔ آج نہ سہی، دس سال بعد سہی کہ یہ آئینی تقاضا ہے۔ تو محترم چیف جسٹس بندیال صاحب! اللہ کی طرف سے انعام یا آزمائش کی صورت میں آئے اس موقع پر شریعت اپیلیٹ بینچ کا آپ خود حصہ بن کر کیوں نہ تاریخ میں خود کو امر کر لیں؟

سی سی پی او لاہور بڑے خطرے کا شکار

محمود ڈوگر

جس طرح افواج پاکستان کا پوری دنیا میں کوئی ثانی نہیں، اسی طرح دوسرے ممالک میں ہمارے ملک کے پولیس افسران کو بھی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جس کی مثال آئی جی پولیس پنجاب فیصل شاہکار کو یو این کمیشن میں ایک بڑے عہدے کے لیے مدعو کرنا محکمے اور ملک کے لیے کسی بڑے اعزاز سے کم نہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ پاکستان میں ماسوائے پاک فوج کے دیگر ادارے بالخصوص پولیس سخت بحران کا شکار دکھائی دیتے ہیں درحقیقت پولیس کے نظام میں سیاسی مداخلت سرائیت کر چکی ہے۔ ممبران اسمبلی کا کیسز اور ٹرانسفر پوسٹنگ پر اثر انداز ہونا پولیس اپنے لیے فخر کا باعث سمجھتی ہے۔ ہمارے ملک کی اشرافیہ اپنا ہر جائز و ناجائز کام کروانے کے لیے پولیس کو استعمال کرتی ہے۔ وفاق اور صوبوں میں کشیدگی کے پیش نظر آجکل ہماری پنجاب پولیس سخت بحران کا شکار ہے پنجاب حکومت کی ہر بات پر من و عن عمل نہ کرنے کی پاداش میں چیف سیکرٹری کے بعد آئی جی پولیس بھی رخصت پر جا چکے ہیں، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن جس طرح وفاق کی ہدایت پر چیف سیکرٹری اور آئی جی پولیس سے کام لینا چاہتے تھے یہ بات صوبائی حکومت کو منظور نہ ہونے کی پاداش میں دونوں افسران رخصت پر چلے گئے ہیں صوبائی حکومت اپنے اختیارات کا استعمال عمل میں لاتے ہوئے جس طرح پنجاب پولیس کے افسران سے کام لینا چاہتی ہے اس سے وفاق کی جانب سے تعینات کیے جانے والے یہ آفیسرز ان کی ہر بات ماننے کو تیار نہ تھے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وفاق اور پنجاب میں سیاسی کشیدگی کے بڑھنے کے ساتھ ادارے بھی بری طرح اس کی لپیٹ میں آئے ہوئے ہیں۔ جس کی واضح مثال لاہور پولیس کے سربراہ ایڈیشنل آئی جی غلام محمود ڈوگر کی تعیناتی وفاق اور صوبے میں متنازعہ حیثیت اختیار کر چکی ہے، پنجاب حکومت کی جانب سے انہیں ریلیو نہ کرنے کی پاداش میں معطلی کی سزا سے دوچار ہونا پڑا۔ فیڈرل سروس ٹریبونل (ایف ایس ٹی) کی جانب سے فی الحال انہیں کام کرنے کی 22 نومبر تک اجازت تو مل گئی ہے جو کہ ایک دن بعد یہ مدت ختم ہونے کو ہے سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر کے پنجاب میں مذید رہنے کا فیصلہ ہونا اس تاریخ سے منسلک ہے جس کے لیے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن انہیں مذید مہلت دینے کے لیے آمادہ نظر نہیں آ رہی اور وہ پوری کوشش کریں گے کہ 22 نومبر کے بعد انہیں پنجاب میں مذید کام کرنے کی مہلت نہ دے پائیں دونوں طرف سے تیاری مکمل ہے اب دیکھنا ہے کہ قسمت کی دیوی کس پر مہربان ہوگی، دوسری جانب پنجاب حکومت نے انہیں عمران خان پر قاتلانہ حملے پر بننے والی جے آئی ٹی کا سربراہ بنا کر ان کے لیے مذید مسائل پیدا کر دیے ہیں اسٹیبلشمنٹ (جاری ہے)

تارا جو بکھر گیا

پاکستان ٹیلی وژن کی تاریخ جب بھی دہرائی جائے گی اور اس کے مزاحیہ پروگراموں کا تذکرہ ہوگا تو ایک نام شدت سے یاد آئے گا اور وہ نام اسماعیل تارا کا ہوگا۔

پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے معروف اداکار اسماعیل تارا 73 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

پاکستانی فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کے نامور مزاحیہ اداکار اسماعیل تارا دار فانی سے کوچ کر گئے، وہ گردے کے عارضے میں مبتلا تھے۔ سوگواران میں بیوہ، 4 بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہیں۔

واضح رہے کہ اسماعیل تارا کراچی کے نجی اسپتال میں زیر علاج تھے، ان کا انتقال گردے فیل ہونے کی وجہ سے ہوا ہے۔

ان کے بیٹے شیراز کے مطابق اسماعیل تارو کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ شہید ملت روڈ سے متصل پہاڑی مسجد میں ادا کی گی۔ جہاں سوگواران تارہ کو سپرد خاک کر دیا۔ اہل خانہ کے مطابق لیجنڈری اداکار 3 روز سے کراچی کے نجی اسپتال میں زیر علاج تھے۔ اسماعیل تارا کی نماز جنازہ کراچی میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں پیپلز پارٹی کے رہنما سعید غنی سمیت اہلخانہ، شوبز شخصیات اور دیگر افراد نے شرکت کی۔

وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کا کہنا ہے کہ ناظرین کے ذہنوں پر اسماعیل تارا کی اداکاری کے ان مٹ نقوش ہیں۔ جاری کیے گئے بیان میں اسٹیج اور ٹی وی کے نامور فنکار اسماعیل تارا کے انتقال پر وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے گہرے رنج وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے مرحوم اسماعیل تارا کے بلند درجات کے لیے دعا کی ہے اور ان کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ مرحوم اسماعیل تارا مزاحیہ اداکاری میں منفرد مقام رکھتے تھے، اسماعیل تارا نے مزاح کو آرٹ کی ایک صنف کے طور پر مقبول کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ بھی کہنا ہے کہ پروگرام فنٹی فنٹی میں اسماعیل تارا کی اداکاری یادگار رہے گی، اسماعیل تارا کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

اسماعیل تارا نہ صرف ایک غیر معمولی اداکار تھے بلکہ ایک خوش مزاج اور محبت کرنے والے انسان بھی تھے، اسماعیل تارا کے انتقال پر شوبز انڈسٹری بھی غمزدہ دکھائی دے رہی ہے۔

جاوید شیخ نے اسماعیل۔ تارا کی وفات پر اظہار غم کرتے ہوئے کہا کہ میرے سب سے پیارے دوست، اداکار اور لیجنڈ کامیڈین اسماعیل تارا کراچی میں انتقال کر گئے، اللہ انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ عدنان صدیقی نے کہا کہ اسماعیل تارا صاحب نے اپنے مقبول ترین ڈرامہ فنٹی فنٹی سے کامیڈی کی نئی تعریف کی۔ قوم آپ کو 80 کی دہائی میں اور اس کے بعد بھی مسکرانے کے لیے یاد رکھے گی۔ واسع چودھری نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ تارا صاحب کا مداح ہونے کی بہت سی یادیں ہیں۔ 50/50 میں کامیک ٹائمنگ اور پھر فلم ربز بینڈ، میں ہوں شاہد آفریدی اور جوانی پھر نہیں آنی میں ان کے ساتھ کام کرنا۔

علی رحمان کا کہنا تھا کہ انہوں نے کامیڈی کی نئی تعریف کی۔ ہر کردار کو ایمانداری، دیانتداری اور دل سے ادا کیا۔ ملک بھر کے لاکھوں لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیریں، ان کا انتقال المناک اور دل سوز ہے، وہ ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گے گلوکار عدنان سمیع نے کہا کہ یقین نہیں آ رہا کہ وہ انتقال کر گئے ہیں۔ وہ کامیڈی کے ماہر تھے۔ ہم ان کے ہمیشہ شکر گزار رہیں گے کہ انہوں نے اپنے مزاح کے ذریعے ہماری زندگیوں کو خوشگوار بنایا۔ صبا قمر کا کہنا تھا کہ لیجنڈ استاد اسماعیل تارا کے انتقال کے بارے میں جان کر دکھ ہوا۔ ان کے اہل خانہ سے میری گہری ہمدردی ہے یاسر حسین نے اسماعیل تارا کی وفات پر شدید غم ورنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی فلم ٹی وی یا اسٹیج پر کوئی کامیڈی کرے گا اس میں آپ کی جھلک ضرور آئے گی۔

دنیا پاکستان کی قدر کیوں نہیں کرتی ہے؟

مختار چودھری

مسئلہ کشمیر کی بات ہو یا ہماری وزارت خارجہ کا کوئی اور معاملہ، باہمی تجارت کی بات ہو یا دوطرفہ تعلقات دنیا ہمیں کیوں مقام نہیں دیتی؟

دنیا میں ہمارا مقام ہے نہ اعتبار، ایسا کیوں ہے؟ کیا ہم اچھوت ہیں یا ہم کسی مہلک بیماری میں مبتلا ہیں؟ باوجود اس کے کہ ہم بین الاقوامی برادری کے ساتھ ہر طرح کا تعاون کرتے ہیں۔ دنیا میں کہیں بھی اقوام متحدہ کے زیر انتظام امن مشن پر کام ہو تو ہماری فوج سرفہرست ہوتی ہے۔ پچھلی دو دہائیوں میں پاکستان نے بین الاقوامی برادری بالخصوص امریکہ کے لیے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جو جنگ لڑی ہے، ہزاروں جانوں کے نذرانے کے ساتھ ساتھ اس میں اربوں ڈالر کا مالی نقصان اٹھایا ہے، جس کے ایک چوتھائی حصے کا بھی ازالہ نہیں کیا گیا ہے بلکہ الٹا پاکستان پر کئی مزید پابندیاں لگائی گئیں۔ امریکہ اور مغرب کی سویت یونین کے ساتھ لڑی جانے والی سرد جنگ میں جب بھارت سویت یونین کے ساتھ کھڑا تھا پاکستان نے امریکی بلاک کے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور 80ء کی دہائی میں لڑی جانے والی افغان سوویت جنگ پاکستان کے کاندھے پر رکھ کر لڑی گئی جس کے نتیجے میں پاکستان کو بھاری جانی اور مالی نقصان اٹھانے کے ساتھ ساتھ پچیس لاکھ افغانیوں کی میزبانی بھی ملی جس سے ہماری معیشت پر ناقابل برداشت بوجھ پڑا، لیکن بدلے میں ہمیں بین الاقوامی برادری کی بے وفائی اور افغانیوں کی نفرت ملی۔ افغان مہاجرین کے لیے ہم نے کیا کچھ نہیں کیا پھر بھی وہ ہم سے نفرت اور بھارت سے محبت کا دم کیوں بھرتے ہیں؟ وہ افغان بچے جنہوں نے پاکستان سے کرکٹ سیکھ کر دنیا میں اپنا مقام بنایا وہی نوجوان اب کسی بھی ٹورنامنٹ میں پاکستان ٹیم کے سامنے بطور کھلاڑی نہیں بلکہ دشمن بن کر سامنے آتے ہیں اور افغان تماشائی گراؤنڈ کے اندر سرعام پاکستانیوں کے ساتھ اپنی دشمنی اور نفرت کا اظہار کرتے ہیں۔ پاکستان کی حکومت اور عوام ہمہ وقت مسلم امہ کا درد کرتے اور دنیا کے کسی بھی کونے میں بسنے والے مسلمانوں کی محبت کا دم بھرتے ہیں۔ ان کی ہر تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھ کر تڑپتے ہیں لیکن مسلم ممالک کی اکثریت پاکستان پر بھارت کو ترجیح دیتی ہے ہم نے آج تک اسرائیل کو اپنا دشمن بنا رکھا ہے اس کی وجہ صرف امت مسلم کا غم ہے، کیونکہ اسرائیل نے فلسطینی سرزمین پر زبردستی قبضہ کر کے فلسطینیوں پر مظالم روا رکھے ہیں۔ عراق پر مسلط کی گئی جنگ میں گو کہ ہمارے حکمران امریکہ کے ہاتھوں مجبور تھے مگر پاکستانی عوام نے کھل کر صدام کی حمایت کی اور اس کے حق میں بڑے بڑے مظاہرے کیے، لیکن فلسطینیوں اور عراق نے ہمیشہ پاکستان کی نسبت بھارت کی طرف جھکاؤ رکھا ہے۔ راقم نے پاکستان کی طرف سے کیے گئے بین الاقوامی تعاون بیان کر دیئے آئیں اب اپنے پیٹ سے کپڑا اٹھاتے ہیں ہمارا اعتبار اس لیے نہیں کہ (1) ہمارے حکمران اور ان کے ویژنز دوہرا معیار رکھتے ہیں، اپنے عوام کے سامنے کچھ اور امریکہ اور بین الاقوامی برادری کے پاس کچھ اور ہوتے ہیں۔ نیز ایسے جھوٹ بولتے ہیں جن کے پاؤں نہیں ہوتے، کارگل جنگ سے شمالی وزیرستان تک جو دنیا کہتی تھی ہم انکار کرتے رہے جبکہ بعد میں کارگل جنگ کے شہیدوں کو ایوارڈز دیکر اور شمالی وزیرستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ کر ہم نے دنیا کے موقف کو سچ ثابت کر دیا۔

2: ہمارے سول حکمرانوں اور فوجی اسٹیبلشمنٹ میں اختیارات کی جنگ جس سے بین الاقوامی برادری کو کنفیوژن رہتا ہے کہ انہوں نے بات کس سے کرنی ہے معاہدوں پر دستخط کون کرتا ہے ان کو یہ بھی علم نہیں ہوتا کہ وزیر اعظم کتنی مدت کے لیے منتخب ہوا لیکن اس کی اصل مدت وزارت کتنی ہے۔

3: تیسری اور سب سے بڑی وجہ پاکستانی اشرافیہ، فوجی اسٹیبلشمنٹ، سیاست دانوں، بیوروکریسی اور بالخصوص ہمارے سفارتکاروں کی ملکی مفاد میں دلچسپی سے زیادہ ذاتی مفادات میں دلچسپی ہونا ہے ان کے اس رویے کو دیکھ کر دوسرے ممالک کے حکمران اور بیوروکریٹ سمجھ جاتے ہیں کہ ان کی اپنے ملک سے کوئی دلچسپی ہے نہ مستقل کوئی خارجہ پالیسی ہے راقم نے ذاتی طور پر متعدد بار یورپی ممالک کے آفیشلز سے یہ سنا ہے کہ پاکستان سے آنے والے وفود یا شخصیات کے ساتھ سنجیدہ بات نہیں ہو سکتی، کیونکہ وہ یہاں صرف سیر کرنے اور اپنے ذاتی مفادات کے لیے آتے ہیں اس کے علاوہ دنیا کے مختلف ممالک کے اندر ہمارے سفارتی مشنز میں شامل افسر معمولی فائدے کے لیے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے ہیں، حال ہی میں جاپان میں گرفتار ہونے والی پاکستان وزارت خارجہ کی خاتون افسر اس کی زندہ مثال ہے۔ اسی طرح پی آئی اے کے عملے کی غیر قانونی سرگرمیوں کی خبریں اکثر سامنے آتی رہتی ہیں۔

چوتھی وجہ پاکستانی عوام اور حکمران طبقے کی سوچ اور بیانیے میں فرق ہے ہمارے حکمران شروع سے امریکی لائن پر چلتے ہیں بلکہ غلامی کی حد تک امریکی حکم بجالاتے ہیں، جبکہ عوام کے اندر امریکہ مخالف جذبات کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں کیونکہ عوام کے اندر بیانیے بنانے والوں نے ہمیشہ دوسروں کے خلاف نفرت اور مذہبی انتہا پسندی کو ہوا دی ہے جہاں تک اسلامی ممالک بالخصوص افغانستان کی بات ہے۔ اس میں بھی ہماری اشرافیہ کے رویوں کی وجہ سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔ ہم نے افغانوں کو پناہ دی مگر ان کے ساتھ درست تعلق قائم کرنے کی بجائے ان کو حقارت سے دیکھا، اس سے پہلے بنگالیوں کے ساتھ روا رکھے گئے رویوں نے پاکستان توڑا تھا اور اب بھی ہم نے اپنے ملک کے مختلف علاقائی گروہوں میں نفرت پیدا کر رکھی ہے۔

اگر ہم بین الاقوامی برادری میں پاکستان کی توقیر کروانا چاہتے ہیں تو ہمیں فرد سے ریاست تک اپنے رویوں میں تبدیلی لانا ہوگی۔ ہمارے حکمران طبقے کو سب سے پہلے اپنے عوام سے سچ بولنا ہوگا اور پھر دنیا کو بھی اپنی سچائی کا اعتبار دلانے کے لیے دوہرے معیار کو ختم کرنا ہوگا۔ سفارت کاروں کی تعیناتیاں سفارشوں اور رشوت سے نہیں بلکہ قومی جذبے کی بنیاد پر کرنا ہوں گی اور ان کی تربیت کا معیاری انتظام کرنا پڑے گا۔ اس خاکسار کا مشاہدہ ہے کہ بھارتی سفارتکار قومی جذبے سے سرشار اور انتہائی قابل ہوتے ہیں جبکہ پاکستانی سفارت خانوں میں بیٹھے لوگ اپنے مفادات کے اسیر اور نااہل ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

پی آر او ٹو ڈی جی بلوچستان لیویز فورس

محب ترین

لیویز فورس جو اس وقت بہترین اور تجربہ کار فورس بن کر صوبے میں ابھر رہی ہے صوبہ بلوچستان میں امن عامہ کے قیام کیلئے لیویز فورس سمیت دیگر فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ لیویز فورس کو عملی طور پر جدید خطوط پر استوار کر دیا گیا بہترین ٹریننگ، کویک ریسپانس فورس کی تشکیل اور جدید اسلحے سے لیس لیویز فورس ہر قسم کے ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہتی ہے۔ ماضی کی نسبت لیویز فورس مکمل طور پر بدل چکی ہے بدلتے حالات کے ساتھ لیویز کا مورال بلند رکھنا اور فورس کو مزید بہتر بنانے میں قادر بخش پرکانی کا نام سرفہرست ہے۔ کہتے ہیں کہ محکمہ یا آفس کا سربراہ اچھا ہو تو محکمہ یا آفس کامیابی کی طرف چل پڑتا ہے قادر بخش پرکانی وہ آفیسر تھے جنہوں نے محکمے کی ساکھ کو بہتر بنانے سمیت لیویز کو دیگر فورسز کے برابر لائے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ مختلف محکموں اور دفاتروں میں آفیسر حاکم بن کر عوام سے ملتے ہیں اور انہیں اپنے پاس کم چھوڑتے ہیں لیکن قادر بخش پرکانی حاکم نہیں بلکہ خادم کا فلسفہ اپناتے ہوئے بہتر انداز اور نرم لہجے میں لوگوں سے گفتگو کرتے انکی نظروں میں آفیسر اور غریب شخص سب برابر تھے۔ یہی وجہ تھی کہ انہوں نے بیوروکریسی کے ساتھ ساتھ عوام کے دلوں میں بھی گھر بنایا۔ فورس کی کمان دلیر اور نڈر آفیسرز کو سونپا جاتا ہے حکومت کی جانب سے قادر بخش کا لیویز فورس کیلئے بطور ڈی جی چناؤ بہترین فیصلہ تھا۔ قادر بخش پرکانی ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس تعینات ہونے سے قبل آئی جی جیل خانہ جات سمیت مختلف اضلاع میں ڈپٹی کمشنر کے فرائض سرانجام دے چکے ہیں اور انھیں اضلاع کی انفراسٹرکچر میں بہتری کسی سے پوشیدہ نہیں مختلف اضلاع میں اب بھی عوام انہیں اچھے اور محنتی آفیسر کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ قادر بخش پرکانی ہمیشہ میرٹ کے حامی رہے ہیں حقداروں کو انکا حق دینا انکا شیوہ تھا کسی دباؤ میں نہ آنا انکی دیدہ دلیری کی زندہ مثال ہے۔ قادر بخش پرکانی کام کرنیوالوں کو پسند کرتے اور بہترین ٹیم ورک کو ساتھ لیکر چلتے انہوں نے ہر جگہ میرٹ پر بھرتیاں کروا کر صوبے میں مثال قائم کی۔ قادر بخش پرکانی کو اللہ تعالیٰ نے خوبصورتی کیساتھ کیساتھ اچھے اخلاق سے بھی نوازا تھا۔ جوان سے ایک بار ملتا وہ بار بار ملنے کی خواہش کرتا۔ قادر بخش پرکانی کی نظر میں آفیسر، چپڑاسی اور عام آدمی سب برابر تھے۔ انکے آفس کا دروازہ سب کیلئے کھلا رہتا تھا انہیں اگر نفرت تھی تو صرف سفارشی لوگوں سے تھی۔ جہاں بھی جاتے ہیں وہاں سب سے پہلے سفارش کلچر کا خا

شال بقیہ 1

اسٹاف کمیٹی کو چاق و چوبند جوائنٹ سروسز گارڈ نے سلامی پیش کی۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نے گارڈ آف آنر اور مارچ پاسٹ کا معائنہ کیا۔ واضح رہے کہ دو روز قبل جنرل ندیم رضا ملٹری سروس سے ریٹائرمنٹ کے بعد چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے عہدے سے سبکدوش ہو گئے تھے۔ الوداعی تقریب میں تینوں افواج کے سینئر افسران اور جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کے سابق چیئرمینوں نے شرکت کی تھی جس کے ساتھ ہی 2 فور اسٹار جنرلز کی ریٹائرمنٹ سے فوج میں تبدیلی کا آغاز ہوا۔ صدر مملکت عارف علوی نے جمعرات کو وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر جنرل ساحر شمشاد مرزا کو نیا چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف اور جنرل عاصم منیر کو نیا چیف آف آرمی اسٹاف تعینات کرنے کی سمری پر دستخط کر دیے تھے۔ حکومت نے جنرل ندیم رضا اور جنرل قمر جاوید باجوہ کی ریٹائرمنٹ کا نوٹی فکیشن بھی جاری کر دیا تھا۔

شال بقیہ 2

کی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ افسران خود کو عوام کا خادم سمجھیں اور انکے لئے اپنے دروازے ہمیشہ کھلیں رکھیں تاکہ انکے مسائل سے آگاہی اور مسائل کا فوری حل ممکن ہو سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جلد ضلعوں کی سطح پر ڈپٹی کمشنروں کی زیر نگرانی وزیراعلیٰ کمپلینٹ مراکز قائم کئے جائیں گے جو بزریعہ انٹرنیٹ وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کے مرکزی کمپلینٹ سینٹر سے براہ راست منسلک ہونگے اور سائلین کی شکایات اور متعلقہ ضلعی افسر کی جانب سے انکے حل کے اقدامات کی موثر نگرانی کی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد دور دراز کے اضلاع کے عوام کو انکے مسائل میں فوری ریلیف کی فراہمی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ زرائع مواصلات کی بہتری اور روڈ کنیکٹیویٹی کے منصوبے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا حصہ ہیں جن کے لئے اربوں روپے مختص ہیں ڈپٹی کمشنرز اپنے اضلاع میں ان منصوبوں کی معیاری اور بروقت تکمیل کے لئے محکمہ مواصلات کو بھرپور تعاون فراہم کریں انہوں نے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی کہ دفاتر میں بیٹھنے کی بجائے اپنے ضلع کے تمام علاقوں کے دورے کرتے ہوئے عوام سے قریبی روابط بحال رکھیں اور ان سے عزت واحترام اور اپنائیت سے پیش آئیں تاکہ انکا اداروں پر اعتماد پختہ ہو سکے۔

شال بقیہ 3

نے موقف اختیار کیا ہے کہ ہم رول آف لا کے تحت کام کر رہے ہیں، میں نے پوچھا رول آف لا کے تحت کلبھوشن کی کتنی سزا دی گئی؟ ایف آئی اے نے کہا اعظم سواتی نے ہمارے سامنے ٹویٹ کو تسلیم کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعظم سواتی کو تشدد کیا گیا ہراساں کیا گیا، آج بھی عدالت کو ان کی ٹوٹی ہوئی ہڈیاں دکھائی گئیں، قانون کا مذاق بنایا جا رہا ہے اس واقعہ کو بنیاد بنا کر بلوچستان میں ایف آئی آر درج کی گئی، ان کی فیملی کے مطابق سواتی کی جان کو خطرہ ہے اور ممکن ہے انہیں مار دیا جائے۔ بابر اعوان نے کہا کہ اس بار ایف آئی اے والوں کے نام لکھوا دیئے گئے ہیں، پہلے کہتے تھے ہم نے نہیں مارا، پاکستان کے کرمنل سسٹم پر لوگوں کو اعتبار نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما اور سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا کہ پاکستان کو بنانا ری پبلک بنایا جا رہا ہے، اعظم سواتی نے کون سا ایسا جرم کر دیا ہے، ایک سینیٹر کا پوری دنیا میں مذاق بنایا جا رہا ہے، اعظم سواتی کی نجی زندگی کی ویڈیو بنا کر بچوں کو بھیجتے ہیں کیا وہ جائز ہے؟۔

شال بقیہ 4

ہے تاہم وہ کہتے ہیں اصلی ہے، ایک طریقے سے ایف آئی اے ان کی عزت بچانے کی کوشش کر رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ان کے لوگ ابھی تک پارلیمان لاجز استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مراد سعید ارشد شریف قتل کیس کی تحقیقاتی ٹیم کے سامنے نہیں آ رہے، اگر اس لیپ ٹاپ میں کسی طرف اشارہ ہے تو سامنے آئیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھ پر بھی جھوٹے مقدمات بنے، قبل از گرفتاری ضمانت کروا سکتا تھا لیکن نہیں کروائی، فیصل واوڈا شور مچا رہا ہے وہ ان کا بندہ ہے، وفاداری کا اب بھرم رکھ رہا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ارشد شریف کا قتل خون ناحق ہے، یہ بولے گا، پکارے گا، قتل سے سیاسی فائدہ اٹھانے والوں کے ہاتھوں پر ارشد شریف کا قتل تلاش کریں۔

شال بقیہ 5

نے سینیٹر اعظم سواتی کی گرفتاری کے حوالے سے کہا کہ وہ ٹویٹ کرتا ہے اور دوبارہ گرفتار ہو جاتا ہے، اس ریاستی فاشزم کے خلاف سب کو آواز اٹھانا ہوگی۔ دریں اثناء پاکستان تحریک انصاف کے گزشتہ روز راولپنڈی میں ہونے والے جلسے کے حوالے سے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ ہماری تحریک قانون کی حکمرانی اور حقیقی آزادی تک جاری رہے گی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پی ٹی آئی کی جانب سے راولپنڈی میں جلسہ کیا گیا جس میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سمیت دیگر پارٹی قیادت نے خطاب کیا۔ پاکستان تحریک انصاف نے راولپنڈی میں ہونے والے جلسے کو کامیاب جلسہ قرار دیا جبکہ حکمران جماعت میں شامل اتحادیوں نے پی ٹی آئی کے جلسے کو ایک غلاپ جلسہ قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ عمران خان نے ہزیمت سے بچنے کیلئے اسمبلیاں توڑنے والا بیان دیا تاہم وہ ایسا کریں گے نہیں اب اس حوالے سے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے سوشل میڈیا پر بیان جاری کیا ہے جس میں انہوں نے گزشتہ روز آزادی مارچ میں شرکت پر تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ عمران خان نے اپنی ٹوئٹ میں لکھا کہ گزشتہ روز راولپنڈی آزادی مارچ میں پاکستان بھر سے بڑی تعداد میں لوگ آئے، ہماری تحریک قانون کی حکمرانی اور حقیقی آزادی تک جاری رہے گی۔

شال بقیہ 6

نے کہا کہ گرانے وفاق کی حکومت آئے تھے اور اپنی دونوں حکومتیں گرانے کا اعلان کر کے چلے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اعلان نظام سے نکلنے کا کرتے ہیں اور اسی نظام سے استعفیٰ دینے کے باوجود تنخواہ اور مراعات لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی فیس سیونگ پی ٹی آئی کے کام نہیں آسکتی کیونکہ عوام نے ان کا حقیقی فیس سے واقف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلیوں سے استعفیٰ دیکر ہائی کورٹ میں درخواستیں دینا، تنخواہیں، مراعات، گاڑیاں اور گھر واپس نہ کرنا۔ انہوں نے کہا کہ حالات بدل گئے تاہم ایک شخص کا جھوٹ، فسادی ذہن اور ایجنڈا نہیں بدلا۔

شال بقیہ 7

پاکستان نے چین سے سیکھا ہے کہ چین کی ترقی کا چشمہ خصوصی اقتصادی زونز کے قیام سے جڑا ہے۔ انہوں نے کہا ہم خصوصی اقتصادی زونز کی اہمیت سے واقف ہیں اور کاروباری اداروں کو جدید ترین ون ونڈو سہولت فراہم کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ چین کی مینوفیکچرنگ، انجینئرنگ، آٹو موبائل انڈسٹری اور پاکستان اور چینی اداروں کے درمیان جوائنٹ وینچرز میں یہ ادارے کاروباری برادری کو سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ پاکستان مختلف اشیا کے متلاشی درآمد کنندگان کو سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی پرعزم ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ مجھے یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ پاکستان اور چین کے درمیان جغرافیائی محل وقوع اور تاریخی طور پر قریبی تعلقات کی بڑی صلاحیت ہے اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کے تحت دونوں ممالک ثمر آور نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق بعد ازاں تیسرے چین جنوبی ایشیا تعاون فورم سے خطاب کرتے ہوئے پاکستانی ایڈیشنل سیکرٹری برائے خارجہ امور (ایشیا پیسفک) ممتاز زہرہ بلوچ نے دو سال بعد چین جنوبی ایشیا تعاون فورم کی بحالی کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا ہم نے سی پیک کے تحت نئی بنیاد ڈالی ہے اور پاکستان ترقی اور خوشحالی کے مواقع حاصل کرنے کے لیے دنیا بھر میں خاص طور پر خطے میں دوستوں اور شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہے۔

شال بقیہ 8

جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے صرف عمران خان کی حکومت ختم نہیں کی، ہم نے ملک کو بچایا ہے، ہم نے پاکستان کو عالمی تنہائی اور معاشی دیوالیہ پن سے بچایا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کہتے ہیں کہ ان کی حکومت کے خلاف سازش ہوئی ہے، ان کی حکومت کے خلاف کوئی سازش نہیں ہوئی، ہم نے ڈنکے کی چوٹ پر انہیں اقتدار سے نکالا ہے، ہم نے انہیں گریبان سے پکڑ کر اقتدار سے باہر کیا ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ آج عمران خان کو آزادی یاد آگئی، ہمیں ان کی آزادی کی حقیقت معلوم ہے، وہ آزادی نہیں آوارگی چاہتے ہیں، ان کے جلسے دیکھنے کے بعد بھی کیا قوم نہیں جانتی کہ وہ آزادگی کے نام پر فحاشی اور آوارگی چاہتے ہیں۔ سربراہ پے پی آئی (ف) نے کہا کہ عمران خان ہماری معاشی اقدار کو ختم کرنا چاہتے ہیں، وہ ہمارے نوجوانوں کو بزرگوں کے خلاف کھڑا کرنا چاہتے ہیں تاہم ہم نے اپنے گھر کی حفاظت کرنی ہے، ہم نے اپنے نوجوان کو اسلام، اپنی اقدار، بڑوں کی فرمانبرداری کا راستہ دکھانا ہے، ہم مغربی تہذیب کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے صرف معاشی اور سیاسی عدم استحکام ہی پیدا نہیں کیا بلکہ انہوں نے پاکستان کے اندر حصار، ہماری دفاعی قوت کو بھی تقسیم کرنے اور آپس میں لڑانے کی کوشش اور سازش کی ہے، اگر ملک کے خلاف کوئی سازش ہے تو اس کا نام عمران خان ہے، اس کے خلاف کوئی اور سازش نہیں ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے پنڈی میں جلسہ کیا، دعوے کیے تھے 10 لاکھ لوگ جلسے میں لاؤں گا، کہتے تھے کہ اسلام آباد آؤں گا، کیوں نہیں آئے اسلام آباد، کہتے ہیں اسلام آباد آتا تو تباہی مچ جاتی، میں کہتا ہوں کس کی تباہی مچ جاتی، اگر وہ آتے تو ان کی تباہی مچ جاتی، وہ اسلام آباد پھر آکر دکھائیں، کہا تھا کہ 10 لاکھ لوگوں کو اکٹھا کروں گا، صرف 10 ہزار لوگ جمع کر سکیں، ان میں کئی ہزار سرکاری ملازمین کو پابند کیا گیا تھا کہ وہ جلسے میں شرکت کریں۔ سربراہ پے پی آئی (ف) نے کہا کہ عمران خان کو ایک گولی تو وہ اپنے گھر میں بھی بلٹ پروف شیشے لگا رہے ہیں، انہوں نے کہا مجھ پر 3 خود کش حملے ہوئے لیکن آج بھی عوام کے سامنے کھلے میدان میں کھڑا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عمران خان کا ایجنڈا معلوم تھا، ہم نے اس کے ایجنڈے کو ناکام بنایا، انہوں نے مخالفین کے نیب کو استعمال کر کے انتقامی کارروائیاں کیں، ہم تو آج بھی اسے استعمال نہیں کر رہے، انہوں نے سیاست دانوں کو گرفتار کیا، مقدمے بنائے، ان کا منشور کو چور چور کہتا تھا، اگر ہمیں انتقام لینا ہوتا تو ہم نیب کے قانون میں ترامیم نہ کرتے، ہم انسانی حقوق کے منافی شقیں نکالیں، اگر انتقام لینا ہوتا تو ہم وہ شقیں نہ نکالتے۔ سربراہ پی ڈی ایم نے کہا کہ عمران خان پہلے کہتے تھے کہ نیب کا اسٹیبلشمنٹ سے کوئی تعلق نہیں اور آج کہتے ہیں کہ نیب اسٹیبلشمنٹ کے کنٹرول میں تھا، پہلے کہتا تھا کہ یہ بھی چور ہے وہ بھی چور ہے اور آج کہتا ہے کہ مجھے تو آئی ایس آئی والے کہتے تھے کہ یہ چور ہیں تو میں ان کے خلاف مقدمے دائر کرتا تھا، انہوں نے کہا کہ آج وہ آئی ایس آئی اور فوج کیوں خراب ہوگئی، آج تمہاری پشت سے ہاتھ اٹھایا تو آج وہ گناہ گار ہو گئے۔

شال بقیہ 9

حکومت کی سازش ہے۔ سابق وزیر نے کہا کہ 77 وزراء عوام میں نہیں جا سکتے، گھروں میں قید و بند ہیں، تباہ حال معیشت اور سنگین سیاسی بحران قومی سلامتی کے تناظر میں ہیں، ہماری لڑائی چوروں سے ہے چوکیداروں سے نہیں۔

شال بقیہ 10

خصوصی مہم کوئٹہ، چاغی، قلعہ عبداللہ، چمن، مستونگ اور ژوب میں شروع ہوگی۔ ای او سی کے مطابق انسداد پولیو ورکرز کی سیکیورٹی پر لیویز، پولیس اور ایف سی کے جوان تعینات ہوں گے۔ اس حوالے سے ایمرجنسی آپریشن سینٹر نے کہا کہ بلوچستان میں جنوری 2021ء سے اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے۔ ای او سی کے مطابق ملک کے دیگر صوبوں کے اضلاع اور افغانستان میں پولیو وائرس کی موجودگی صوبے کے بچوں کے لیے خطرہ ہے۔

شال بقیہ 11

بعد وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے اتوار کے روز سینئر قیادت کا اجلاس بلایا گیا تھا جس میں عمران خان کے اعلان اور آئندہ کے حوالے سے مشاورت ہونا تھی تاہم وزیراعظم شہباز شریف کی خاندانی مصروفیات کی وجہ سے اجلاس انعقاد کے بغیر ہی ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ شہباز شریف سے صرف مصدق ملک اور احد چیمہ نے لاہور میں ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق شہباز شریف پہلے پارٹی قائد نواز شریف سے مشاورت کریں گے اور اس کے بعد پارٹی کے سینئر رہنماؤں کا اجلاس بلائیں گے۔ نواز شریف سے مشاورت اور پارٹی رہنماؤں سے اجلاس کے بعد وزیراعظم شہباز شریف پی ڈی ایم کو بھی اعتماد میں لیں گے۔

شال بقیہ 12

کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک کے پولیس تھانہ میں عزیز الرحمن ولد حبیب الرحمن نامی شخص کی درخواست پر پی ٹی آئی کے رہنما، سینیٹر اعظم سواتی کے خلاف افواج اور عوام کو بغاوت پر اکسانے، فساد پھیلانے، انتشار پر اکسانے، ہتک عزت اور پکا ایکٹ 2016 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ اعظم سواتی نے فوج اور اعلیٰ قیادت کے خلاف گالم گلوچ، نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہوئے عوام کو اکسایا ہے جبکہ ایک محب وطن شہری ہونے کے ناطے انہیں یہ الفاظ قابل قبول نہیں ہیں لہذا اعظم سواتی کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے۔

شال بقیہ 13

کراچی قومی شاہراہ پر مستونگ کے علاقے کلشرم میں قومی شاہراہ پر ٹرک اور گاڑی میں ٹکر کے باعث چار افراد زخمی ہو گئے واقعہ کے بعد مقامی انتظامیہ نے حادثہ میں زخمی افراد کو مستونگ ڈسٹرکٹ اسپتال منتقل کر دیا جہاں طبی امداد کی فراہمی کے بعد انھیں کوئٹہ منتقل کیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 14

کے مطابق زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا ہے جہاں جلب خان سکنہ تمبو کے رہائشی کی حالت تشویشناک میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں شدید زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے مزید علاج کے لئے تشویشناک حالات میں ڈیرہ غازیخان ریفر کیا جا رہا ہے جو زخمی جلب خان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں چل بسا۔

شال بقیہ 15

طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہری سردی سے ٹھٹھرنے پر مجبور ہیں، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر اور گردونواح میں کم سے کم درجہ حرارت منفی چار ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق قلات شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا شدید سردی میں سوئی گیس کی بندش اور بجلی کی کئی گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو کر رہ گئی ہے شدید سردی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور سوئی گیس غائب ہونے سے شہری ٹھٹھرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق قلات شہر اور گردونواح میں سائی بیریشن ہوائیں چلنے کی وجہ سے درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر گیا ہے اور اس سردی میں مزید اضافہ ہونے کا امکان ہیں۔

شال بقیہ 16

جمعیت کی بلوچستان آمد سے صوبے میں سیاسی انقلاب برپا ہوگا، امت مسلمہ کے عظیم قائد سربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمان کے وژن ہی کی بدولت ملک سے بین الاقوامی سازشوں کا خاتمہ ممکن ہوا، پاکستان کو غیر مسلکم کرنے اور ایٹمی پروگرام کے خلاف اپنے ایجنٹوں کو استعمال کر رہے ہیں اس کی انسداد اور روک تھام کے لئے جمعیت علما اسلام کے جانباز نوجوان دن رات ایک کر کے قائد جمعیت کے دورہ کی کامیابی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کوئی کسر نہ چھوڑیں اس سے صوبائی جماعت مزید فعال اور منظم ہوگی اور آنے والے دنوں میں صوبہ بلوچستان پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔

شال بقیہ 17

نے بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی سعید احمد ہاشمی سے کوئٹہ میں انکی رہائشگاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی اور بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے آپس میں رابطوں کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

شال بقیہ 18

نے اپنے خطاب میں کہا کہ فلسطین، جموں و کشمیر اور پوری دنیا کی خواتین اور بچوں کے ساتھ جنگجوئی کا اظہار کرتے ہیں کیونکہ وہاں پر انہیں جنگوں اور تنازعات کے نتیجے میں تشدد اور ہراساں کیا جا رہا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے باعث رواں سال پاکستان میں تباہ کن سیلاب سے 33 ملین افراد متاثر ہوئے ہیں اور اس بدترین بارشوں اور سیلاب سے 650 ہزار حاملہ خواتین اور 40 لاکھ بچے شدید متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث کرہ ارض اور انسانوں کو سب سے بڑا خطرہ لاحق ہے اور پاکستان میں حالیہ بارشیں اور سیلاب موسمیاتی تبدیلی کی تباہ کاریوں کا تازہ مثال ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ چند برس پہلے سوشلسٹ انٹرنیشنل کے ممبران سمیت دنیا بھر میں بہت سے لوگ موسمیاتی تبدیلی کے مسئلے پر بحث کر رہے تھے جبکہ دنیا بھر میں اس مسئلے پر بحث جاری ہی تھی کہ موسمیاتی تبدیلی سے متعلقہ آفات ہمارے اردگرد تباہی پھیلاتی رہیں۔

شال بقیہ 19

حد نگاہ متاثر تھی جس کے باعث کار اور ٹریکٹر میں ٹکر ہوگئی اور حادثے کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا حادثے کی تحقیقات کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 20

صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو سابق صدر آصف علی زرداری سے وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 21

پی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد جلسے میں پولیس وین میں پہنچیں۔ یاسمین راشد نے اس حوالے سے کہا کہ وہ اپنی گاڑی میں یہاں پہنچیں، گھنٹوں میں خرابی کے باعث پولیس وین سے لفٹ لی۔ شیریں مزاری کو بھی پنڈال تک پہنچانے کیلئے پولیس کی گاڑی پیش کی گئی اور پنڈال تک پہنچایا گیا۔ جلسے میں پنجاب کے سینیٹری ورکرز بھی بھرپور طور پر شریک ہوئے۔

شال بقیہ 22

دے دیا۔ زرتاج گل نے اپنے بیان میں کہا کہ مریم نواز کوئی بھی حلقہ چن لے، عمران خان کی یہ شیرنی تمہیں گھر میں گھس کر شکست دے گی۔

شال بقیہ 23

میں 6 ہزار 249 کورونا ٹیسٹ کئے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 6 ہزار 249 کورونا ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 31 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کئے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 50.0 فیصد رہی ہے، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 40 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

شال بقیہ 24

میں ان کے سمدھی کی ٹیلی نے بتائے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ قطعی طور پر حقائق کے منافی اور کھلا جھوٹ اور بدنیتی پر مبنی ہے، آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، ان کی اہلیہ اور خاندان کا ہر اثاثہ ایف بی آر میں باقاعدہ ڈکلیئرڈ ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ آرمی چیف و خاندان باقاعدگی سے ٹیکس ریٹرن فائل کرتے ہیں، ہر شہری کی طرح آرمی چیف اور ان کی فیملی ٹیکس حکام کے سامنے اپنے اثاثہ جات سے متعلق جواب دہ ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ اور ان کی فیملی کے اثاثوں سے متعلق سوشل میڈیا پر گمراہ کن اعداد و شمار شیئر کیے گئے ہیں، یہ گمراہ کن اعداد و شمار مفروضوں کی بنیاد پر بڑھا چڑھا کر پیش کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 25

کہ چین اور پاکستان تمام موسم میں اسٹریٹجک شراکت دار ہیں، پاک چین دوستی پر فخر ہے۔ دونوں ممالک خطے اور دنیا کے استحکام کیلئے مشترکہ اور قریبی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ واضح رہے کہ وزیراعظم پاکستان کی جانب سے پاک فوج کی اعلیٰ قیادت کا تقرر رواں ماہ 24 نومبر کو کیا گیا۔

شال بقیہ 26

ٹوئے کی پارٹی ابھی شروع ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کی دعائیں قبول ہو رہی ہیں، دیکھنا یہ ہے کہ عمران خان عارف علوی کو مستعفی ہونے کا کب کہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیکھنا یہ ہے کہ عمران خان اپنے سینیٹروں کو کب مستعفی ہونے کی ہدایت دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں سیاست گالی گلوچ بریگیڈ سے پاک ہو جائے گی، عمران خان کی ذہنی کیفیت ہر لمحے تبدیل ہوتی رہتی ہے ان کی کسی بات پر یقین نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان پنڈی میں غلاپ شو پر شرمندگی اور خفت کو تسلیم کرے۔

شال بقیہ 27

قیمت میں دوسری بار اضافہ ہوا ہے جس کے بعد شہر میں زندہ مرغی فی کلو 470 روپے فی کلو پر پہنچ گئی ہے جبکہ شہر کے نواحی علاقوں میں مرغی پانچ سو روپے فی کلو میں بھی فروخت کی جا رہی ہے شہری اس صورتحال پر پریشان ہیں اور انکا کہنا ہے کہ ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی محض تماشائی بنی ہوئی ہے اور شہری مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہیں عوام نے حکام سے مطالبہ کیا کہ مرغوری طور پر مرغی کی بڑھتی ہوئی قیمت کا نوٹس لے اور دکانداروں کو سرکاری نرخ نامہ پر عمل درآمد کا پابند کریں بصورت دیگر وہ احتجاج کریں گے۔

شال بقیہ 28

بلوچستان کی دو نشستوں یعنی کل 563 نشستوں پر عام انتخابات ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے نام پر رانا ثناء اللہ اینڈ کمپنی کو پسینے کیوں آ رہے ہیں، عمران خان کا عوام پر اعتماد ہے اس لیے اپنی حکومتیں تحلیل کر کے انتخابات میں جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے علاوہ کوئی اور طریقہ ملک میں سیاسی استحکام نہیں لا سکتا۔ انہوں نے پی ڈی ایم جماعتوں کو پیش کش کی کہ آپ انتخابات کی طرف بڑھیں، اب گھوڑا بھی ہے اور میدان بھی ہے۔

شال بقیہ 29

پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ محکمہ اطلاعیہ کے مطابق احکامات کی خلاف ورزی پر پی ٹی وی چینلز کا لائسنس بغیر شوکاز نوٹس معطل کر دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ ایف آئی اے نے پی ٹی آئی رہنما کورات دیر گئے اسلام آباد سے دوبارہ گرفتار کر کے ان کے خلاف سائبر کرائم دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔

شال بقیہ 30

فوج ملک قوم کی دفاع کا حصار ہے پاکستان کا بچہ بچہ اور 22 کروڑ عوام کا بچہ بچہ انکے ساتھ ہے جو ریاست کے وسائل، عوام کی حمایت کی مرہون منت چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کے تازہ اقبالی بیان کے بعد جی ایچ کیو گیٹ 4 کو سیوملین کیلئے بند اور لاپتہ افراد علی وزیر کے فوری رہائی کے ذریعے خوشگوار تبدیلی کا کل موثر و مثبت آغاز کا اعلان کیا جائے تاکہ عوام اس کو تازہ ہوا کا جھونکا سمجھے اور اعتماد کی فضا قائم و استوار و ملک مستحکم و بھائی چارگی کو فروغ ملے امن و آشتی ترقی و خوشحالی کی راہیں کھلیں۔

شال بقیہ 31

بارڈر کو آمد و رفت کے لئے کھلنے کا فیصلہ کیا۔ وفاقی وزیر کے ہمراہ قبائلی عمائدین، انجمن حسینی و تحریک حسینی کے اراکین، سول انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور بارڈر حکام بھی موجود تھے۔ سرحد پر ساجد حسین نے سرحد کے اس پار قبائلی عمائدین کے ساتھ جرگہ کیا اور دونوں اطراف نے سرحد کو ہر قسم کی تجارت اور آمد و رفت کے لیے کھولنے پر رضامندی ظاہر کرتے ہوئے اسے فوری طور پر کھولنے کا اعلان کیا۔ پاک افغان سرحد کا دورہ کرنے سے قبل وفاقی وزیر ساجد حسین طوری نے ضلع کرم کے ڈپٹی کمشنر آفس میں فی سی واصل خان کی موجودگی میں طوری، بنگش اور کرم کے دیگر قبائل کے عمائدین، کے ساتھ تفصیلی جرگہ کیا، جس میں سرحد کے دونوں اطراف عوام میں زمینی تنازعات سمیت تمام اختلافات کو باہمی جرگے اور سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیا گیا۔ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے ساجد حسین طوری نے کہا کہ سرحد کے دونوں جانب کے عوام کو جنگ اور دہشت گردی سے ناقابل تلافی نقصانات اٹھانا پڑے ہیں اور اب وقت آگیا ہے کہ دونوں فریق امن و امان کے قیام کے لیے کردار ادا کریں۔ انہوں نے انجمن حسینیہ اور تحریک حسینی کے اراکین سمیت دو طرفہ جرگے کے قائدین، قبائلی عمائدین، سیکورٹی ادارے اور کرم سول انتظامیہ کی انتھک محنت کو سراہا جس کی وجہ سے جنگ بندی ہوئی اور مذاکرات کی راہیں کھلیں۔ افغان قبائلی عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے ساجد حسین طوری نے کہا کہ سرحد کے دونوں جانب کے قبائل آپس میں بھائی بھائی ہیں اور دونوں کے درمیان زمینی تنازعات کو دو طرفہ جرگہ کے ذریعے حل کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسا کوئی واقعہ رونما نہ ہو جس سے تنازعہ پیدا ہو اور دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ اور دوستانہ تعلقات کو نقصان پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں افسوس ہے کہ حالیہ جھڑپوں میں فریقین کو جانی اور مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ ساجد طوری نے کہا کہ ہم نے زمین کے تنازع پر افغان حکومت کے ساتھ پہلے بھی جرگے اور مذاکرات کیے ہیں، جنہیں آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں اطراف کے قبائلی عمائدین زمین کے تنازعات پر جرگہ بلائیں جس کو ہر قسم کی حکومتی اور سفارتی مدد فراہم کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ دونوں اطراف کے قبائلی عمائدین نے وفاقی وزیر ساجد حسین طوری کے پاک افغان سرحد کے دورے کا خیر مقدم کیا اور امن و امان کے لیے ان کی کوششوں کو سراہا۔ قبائلی عمائدین نے کہا کہ سرحد پر آمد و رفت اور تجارت کی بحالی سے دونوں اطراف کے لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے جس سے امن و امان کی کوششوں کو تقویت ملے گی۔ تاجروں راہنما مصائب حسین اور ٹرانسپورٹرز نے افغان سرحد دوبارہ تجارت کے لئے کھولنے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ بیس نومبر کو افغان سرحد پر افغانیوں اور ضلع کرم کے قبائل کے مابین دو روزہ جھڑپوں ایک سیکیورٹی اہلکار جاں بحق جبکہ نو سیکیورٹی اہلکاروں سمیت بارہ افراد جاں بحق ہو گئے تھے جس کے بعد پاک افغان سرحد بھی بند کیا گیا تھا اور سرحد کے دونوں جانب سامان سے بھرے سینکڑوں گاڑیاں سرحد کھولنے کے انتظار میں تھیں ڈپٹی کمشنر ضلع کرم واصل خان نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے پہلے ہی روز بات چیت کے ذریعے مسئلے کے حل پر ترجیح دی یہی وجہ ہے کہ بار بار مذاکراتی عمل جاری رکھا گیا۔ قبائلی رہنما عنایت طوری اور علامہ جمیل حسین نے کہا کہ افغان سرحد کے اراضی کی ملکیت کے مسئلے سمیت تمام حل طلب مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنا چاہتے ہیں کیونکہ لڑائی جھگڑا کسی مسئلے کا حل نہیں۔

شال بقیہ 32

کا نہیں گے تو ایک منٹ کی دیر نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے عمران خان کو ایک نئی زندگی عطا کی ہے، راولپنڈی جلسے میں عمران خان کی سیاسی حکمت عملی فیصلہ کن راؤنڈ میں داخل ہ

ملکی دفاع ناقابل تسخیر اور انتہائی محفوظ ہاتھوں میں ہے، ممتاز زہری

پاک فوج نے ہمیشہ ملکی مفادات، سلامتی کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے

تسلسل کو جاری رکھ کر اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائے گی، رہنماء بی این پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی نائب صدر سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ضلع افواج کے سپریم کمانڈر چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ساحر شمشاد مرزا اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد اور انتہائی مسرت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دونوں سربراہان کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے تہنیتی پیغام میں ان کی نئی ذمہ داریوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ پاک فوج میں نئی تقرریاں ملک کے لئے نیک شگون اور احسن اقدام ہے۔ ملک کی سلامتی اور اداروں کے استحکام کے لئے پاک فوج نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے اور اور آئندہ بھی اس تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے پاک فوج اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائے گی اور ملکی سلامتی ا بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ہرنائی، نوجوان سیاسی وسماجی رہنما شیر باز ترین کی قیادت میں ضلعی ہرنائی کے زیر انتواء ترقیاتی منصوبوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

عوامی فلاح و بہبود پیپلز پارٹی کا ایجنڈا ہے، نجم الدین

لواری ٹنل کا عظیم منصوبہ بھی ذوالفقار علی بھٹو شہید کی مرہون منت ہے، چیئرمین جرنلسٹ فورم کی کابینہ سے بات چیت

پی پی پی کے ادوار میں صوبے کے پسماندہ علاقوں پر خصوصی توجہ دی جاتی رہی

پشاور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر نجم الدین خان نے کہا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود صرف پیپلز پارٹی کا ایجنڈا ہے۔ پی پی پی کے ادوار میں صوبے کے پسماندہ علاقوں پر خصوصی توجہ دی جاتی رہی۔ لواری ٹنل کا عظیم منصوبہ بھی ذوالفقار علی بھٹو شہید کی مرہون منت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی پی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات امجد خان آفریدی کی رہائش گاہ پر چیئرمین جرنلسٹ فورم کے نومنتخب کیبنٹ کے اعزاز میں دیئے گئے۔

بارڈر کے کاروبار کے بغیر تاجروں کا گزر بسر اور روزگار ناممکن ہے، عبدالرحیم کاکڑ

پنجگور سمیت مکران کے تاجروں اور عوام کی ذریعہ معاش ایرانی بارڈر سے وابستہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، آل پاکستان انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری میر یاسین مینگل، مرکزی انجمن تاجران پنجگور کے صدر حاجی خلیل احمد دھانی، مرکزی انجمن تاجران تربت کے صدر محمد اسحاق روشن دشتی، سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران پنج، نثار احمد حاجی فدا احمد شیر جوکی، جائنٹ سیکرٹری انجمن تاجران پنج حاجی سمیع اللہ حاجی عمر کشانی و دیگر نے کہا کہ پنجگور سمیت مکران کے تاجروں اور عوام کی ذریعہ معاش ایرانی بارڈر سے ا بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

نئے تعینات آرمی چیف ملک اس وقت جن مسائل کا شکار ہے، مولانا محمد شفیق دولت زئی

نئے آرمی چیف ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولت زئی نے نئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد کو عہدے سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے کے لئے اس وقت ایک ایسے ہی انسان کی ضرورت ہے جو ایماندار اور اللہ سے ڈرنے والا ہو امید ہے کہ نئے تعینات آرمی چیف ملک اس وقت جن مسائل کا شکار ہے ان سے نکالنے کے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

گوادر سی پورٹ پر سب سے پہلا حق گوادر کے عوام کا ہے

کسی کو بلوچستان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے، لالا یوسف خلجی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ گوادر سی پورٹ پر سب سے پہلا حق گوادر کے عوام کا ہے ہم کسی کو بلوچستان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے، سیاسی، مذہبی اور قوم پرست جماعتیں اپنے گریبان میں جھانکیں انہوں نے 75 سال میں بلوچستان کے عوام کی کیا خدمت کی ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ا بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

الخدمت کی خدمات کا سلسلہ متاثرین کی مکمل بحالی تک جاری رہیگا، جمیل احمد کرد

بلوچستان امسال بارش وسیلاب نے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر انجینئر جمیل احمد کرد نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن غربا ومساکین اور کم آمدنی والوں کی مدد کیلئے بھی کام کر رہی ہے مخیر حضرات اس جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں۔ یتیموں کی کفالت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، غریب طلبا کو تعلیمی معاونت اور علاج ومعالجے سمیت راشن و دیگر امداد کی فراہمی کیلئے ہماری جدوجہد جاری ہیں۔ سیلاب وبارش متاثرین کی سردی شروع ہونے سے مسائل میں اضافہ ہوا ہے۔

لوکل گورنمنٹ کے ایریاز میں صفائی کی صورتحال میں بڑی حد تک بہتری آئی ہے، سید شرف الدین

علاقے کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے اور علاقے میں اب روزانہ کی بنیاد پر صفائی کی جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) سیاسی وقبائلی رہنماؤں سید شرف الدین، احمد خان بازئی، نورالدین کاکڑ، ابراہیم شاہ، عبدالسلام آغا، حافظ کریم داد، جاوید احمد خان نے ایڈمنسٹریٹر لوکل گورنمنٹ کوئٹہ عصمت اللہ بازئی اور انکے عملے کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف نے جب سے ایڈمنسٹریٹر کے عہدے کا چارج سنبھالا ہے لوکل گورنمنٹ کے ایریاز میں صفائی کی صورتحال میں بڑی حد تک بہتری آئی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں ا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

متحدہ کے سب دھڑے اپنے بانی کیخلاف ایک ہوگئے، جائیداد کا جھگڑا لندن کی عدالت لے گئے

فاروق ستار اور وسیم اختر ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں بانی متحدہ کے خلاف گواہی دیں گے

شمالی لندن کے مہنگے علاقوں میں واقع پراپرٹیز کے حصول کیلئے امین الحق نے عدالت سے رجوع کیا تھا

لندن (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) کی لندن میں سات مہنگی پراپرٹیز کے حصول کی جنگ میں بانی متحدہ اور ان کے پرانے ساتھی لندن ہائی کورٹ میں آمنے سامنے آگئے۔ بانی متحدہ کی رہائش گاہ سمیت 7 پراپرٹیز کی قیمت 12 ملین پاؤنڈز سے زائد ہے، بانی متحدہ کے سابق ساتھی امین الحق، ندیم نصرت، طارق میر متحد ہو کر قانونی جنگ کیلئے تیار ہیں۔ فاروق ستار اور وسیم اختر ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں بانی متحدہ کے خلاف گواہی دیں گے۔ شمالی لندن کے مہنگے علاقوں میں واقع پراپرٹیز کے حصول کیلئے امین الحق نے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پراپرٹیز سے حاصل ہونے والی تمام آمدنی پر غریب اور ناداروں کا حق ہے، ایم کیو ایم لندن نے آمدن سے غربا کی امداد نہ کرکے شق کی خلاف ورزی کی ہے لہٰذا پراپرٹیز پر غریبوں کا حق ہے۔

عمران خان کے تمام دعوے منصوبے بری طرح ناکام ہوگئے، روزی خان کاکڑ

عمران پے در پے ناکامیوں کے بعد دماغی توازن کھو بیٹھے، اسمبلیاں توڑنے کے بیان پر بھی جلد قوم کو ایک اور یوٹرن ملے گا، رہنماء پیپلز پارٹی بلوچستان

نام نہاد لانگ مارچ کے ذریعے وفاقی حکومت کو ختم کرنے نکلے تھے۔ اپنی صوبائی حکومتوں کو ختم کرنے کا اعلان کرنے کے اعلان پر مجبور ہوا پڑا عمران خان مصنوعی لیڈر اور پی ٹی آئی ایک مصنوعی پارٹی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے عمران خان کے اسمبلیاں توڑنے کے بیان رد عمل پر رد عمل دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان کے تمام دعوے اور منصوبے بری طرح ناکام ہوگئے اپنی عزیمت سے بچنے کیلئے اس طرح کے بیانات کا سہارا لینے کی ایک اور ناکام کوشش کے سوا کچھ نہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان پے در پے ناکامیوں کے بعد اپنا دماغی توازن کھو بیٹھا اسمبلیاں توڑنے کے بیان پر بھی بہت جلد قوم کو ایک اور یوٹرن ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ میں 20 لاکھ عوام کی شرکت کا دعویٰ کرنے والے عمران خان نے پنجاب، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے حکومتی وسائل اور ملازمین کے بے دریغ ا بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

ایم سی سی حوالے دو درمانگ کمپنی کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لئے امدادی سامان انتظامیہ کے حوالے کیا جارہا ہے

سیلاب متاثرین کی لسٹیں تیار کی گئی ہیں اس کے مطابق امداد دی جائے گی، محمد گل خلجی

علاقے میں لوکل سرٹیفکیٹ کی فارم بنانے کے لئے سنٹر دیا جائے، کمشنر لورالائی ڈویژن

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی نے کہا کہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں فوری امداد سرگرمیوں کے بعد اب ان علاقوں میں گندم کی مفت بیج کی تقسیم کے ساتھ متاثرین میں نقد رقم کی تقسیم بھی کی جائے گی تاکہ متاثرین کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جاسکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع موسیٰ خیل تحصیل دروگ کے دورے کے موقع پر سیلاب متاثرین اور علاقے کے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد قاسم خان ا بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

عمران خان یوٹرن کا بادشاہ ہے، اسمبلیوں سے استعفیٰ نہیں دیں گے، شیر محمد دمڑ

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک کو مضبوط کرنے کیلئے اداروں کو مضبوط کیا ہے

زیارت (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما سابق نگت ہولڈر شیر محمد دمڑ نے کہا ہے کہ نام نہاد حقیقی آزادی مارچ بدترین ناکامی سے دوچار ہونے کے بعد خان کی سیاست زوال کی طرف تیزی گامزن ہوگیا پورے پاکستان سے تین صوبائی حکومتیں ہونے کے باوجود عمران میں ہزار کا جلسہ نہ کرسکے عمران کی ساری عیاریاں پاکستانی عوام نے بگھر مسترد کردیں اداروں ان کے عمران کیخلاف پروپیگنڈے کرکے ان کو بدنام کرنے کی ناکام ترین کوشش کرکے عمران خان نے انتہائی غلط کام کیا جس پر پاکستانی عوام سخت غصے میں اور عمران سے نفرت کرنے لگے ہیں۔

اوتھل، بلوچستان عوامی کے مرکزی رہنما و معروف قبائلی شخصیت وڈیرہ محمد حسن جاموٹ لاسی کی قیادت میں پاک افواج سے اظہار یکجہتی اور نئے آرمی چیف کی تعیناتی پر ریلی نکالی جارہی ہیں

محکمہ لاؤ سٹاک کے زیر اہتمام فری ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا گیا

زیارت (خ ن) محکمہ لاؤ سٹاک کے زیر اہتمام فری ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا گیا صوبائی وزیر لائیو سٹاک سیکرٹری وڈی جی لاؤ سٹاک کی ہدایات کے مطابق یونین کونسل کچھ گلی چھڑی و ملحقہ علاقوں کے سینکڑوں مال مویشیوں ا بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

وزیراعظم پاکستان کا ضلع صحبت پور کے دورے بھی بے سود مند ثابت ہونے لگے

مانجھی پور (نامہ نگار) سیلاب کو تین ماہ کا عرصہ گزر جانے کے بعد بھی سیلاب متاثرین اور تباہ کن گھر مجبور سیلاب متاثرین کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور وزیراعظم پاکستان کا ضلع صحبت پور کے دورے بھی بے سود مند ثابت ہونے لگے چیف سیکرٹری بلوچستان کے دورے روانہ کی بنیاد پر اور اعلانات کی بھرمار تاحال نہ پچیس ہزار نہ ملے اور نہ گھروں کی سروے کے ا بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

قصور، زمین کے تنازعہ، معمولی لڑائی جھگڑے پر ملزمان نے فائرنگ کرکے سگے چچا کو قتل کردیا

قصور (این این آئی) قصور کے نواح چوکی میں زمین کے تنازعہ اور معمولی لڑائی جھگڑے پر ملزمان نے فائرنگ کرکے اپنے سگے چچا کو قتل کردیا۔ چک 25 کے رہائشی محمود علی نے پولیس تھانہ میں مقدمہ درج کروایا ہے کہ ملزمان عبدالغفور، محمد الیاس وغیرہ اپنے گھر کی تعمیر کے لیے ہمارے دروازے کے سامنے اینٹیں لگا کر رکھی ا بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے مظلوم عوام کو نظرانداز کرکے پاکستان خوشحال نہیں ہوسکتا، عبدالحق ہاشمی

انشاء اللہ جماعت اسلامی کی قیادت میں اسلامی پاکستان خوشحال بلوچستان کا سورج جلد طلوع ہوگا

ملک میں قرآن وسنت کا نفاذ ہی ہمارے تمام مسائل کا حل، نظریہ پاکستان ترقی ومنگی سالیت کا ضامن ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ قوم نے نیا پرانا پاکستان دیکھ لیا اب کو آزمانے کے بعد بھی پوری قوم مسائل، بھاری سودی قرضوں اور مہنگائی و بے روزگاری کے دلدل میں پھنسی ہوئی ہے انشاء اللہ جماعت اسلامی کی قیادت میں اسلامی پاکستان خوشحال بلوچستان کا سورج جلد طلوع ہوگا بدعنوان اشرافیہ سمیت برطیرے کے حساب واحتساب کا دن قریب ہے۔ جماعت اسلامی لوٹ مار بدعنوانی موروثیت سے پاک حقیقی اسلامی جماعت ہے قوم اسلامی پاکستان خوشحال بلوچستان کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ملک میں قرآن وسنت کا نفاذ ہی ہمارے تمام مسائل کا حل اور نظریہ پاکستان ترقی ومنگی سالیت کا ضامن ہے، شہباز حکومت ا بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

اسمبلی استعفوں سے متعلق عمران خان کے حکم پر فوری عمل ہوگا، بیرسٹر سیف

خیبر پختونخوا حکومت عمران خان کے ہر حکم پر من وعن عمل درآمد کرے گی

سیاسی بحران کے خاتمے کا واحد حل نئے اور شفاف انتخابات ہیں، معاون خصوصی اطلاعات

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ اسمبلی استعفوں سے متعلق عمران خان کے حکم پر فوری عمل ہوگا۔ یہاں سے جاری اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت عمران خان کے ہر حکم پر من وعن عمل درآمد کرے گی، سیاسی بحران کے خاتمے کا واحد حل نئے اور شفاف انتخابات ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ اگر امپورٹڈ حکومت ملک وقوم کیساتھ مخلص ہے تو الیکشن کا اعلان کرے۔ آزادی مارچ کے ا بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، سابق ڈائریکٹر ایجوکیشن نظام الدین مینگل سے ایڈوکیٹ ہائی کورٹ عرفان علی کرمانی ملاقات کررہے ہیں

عوامی فلاح و بہبود پیپلز پارٹی کا ایجنڈا ہے، نجم الدین

لواری ٹنل کا عظیم منصوبہ بھی ذوالفقار علی بھٹو شہید کی مرہون منت ہے، بات چیت

پشاور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے صدر نجم الدین خان نے کہا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود صرف پیپلز پارٹی کا ایجنڈا ہے۔ پی پی پی کے ادوار میں صوبے کے پسماندہ علاقوں پر خصوصی توجہ دی جاتی رہی۔ لواری ٹنل کا عظیم منصوبہ بھی ذوالفقار علی بھٹو شہید کی مرہون منت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی پی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات امجد خان آفریدی کی رہائش گاہ پر چیئرمین جرنلسٹ فورم کے نومنتخب کیبنٹ کے اعزاز میں دیئے گئے۔

وطن کے دفاع کے لئے پاک فوج کی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں، بابے محمد علی کھوسہ

سینارٹی کے لحاظ سے پاک فوج کے نئے سربراہ جنرل عاصم منیر کی تعیناتی خوش آئیند عمل ہے

مانجھی پور (نامہ نگار) وطن کے دفاع کے لئے پاک فوج کی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں سینارٹی کے لحاظ سے پاک فوج کے نئے سربراہ جنرل عاصم منیر کی تعیناتی خوش آئیند عمل ہے افسران اور جوانوں کے حوصلے بلند ہونگے نئے چیف آف آرمی اسٹاف اور جنرل ساحر شمشاد مرزا کو چیف آف اسٹاف کمیٹی بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں قوم امید کرتی ہے کہ نئے سپہ سالار ملک کو بحرانی کیفیت سے نکالنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

ہرنائی، ڈگری کالج کے مختلف محکموں کی جانب سے موبائل انٹرنیٹ سسٹم معطل ہونے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

ساہیوال، گورنمنٹ کالج کے طلباء کو ڈکیتی کی وارداتیں کرتے ہوئے گرفتار کرلیا گیا

ساہیوال (این این آئی) پولیس یوسف والا نے ڈکیتی کی وارداتیں کرنے والے گورنمنٹ کالج کے بی ایس سی اور ایم ایس سی کے دو طالب علموں عثمان اور شہزاد کو گرفتار کرلیا۔ ملزم ایک بیوپاری سے موٹر سائیکل اور نقدی لوٹ کر فرار ہو رہے تھے کہ پولیس نے قادر آباد سے گرفتار کرلیا۔ دونوں طالب علموں نے ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں کا اعتراف کرلیا ہے۔ پولیس نے ملزموں کو شناخت پریڈ کیلئے سینٹرل جیل ساہیوال بھیج دیا ہے۔ پولیس یوسف والا نے چک 74 فائیو ایل سے ا بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

تنازع سوشل میڈیا بیانات: اعظم سواتی کیخلاف ایک اور مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے نے پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر اعظم سواتی کے تنازع بیان پر ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ سینیٹر اعظم سواتی کے خلاف مقدمہ ساجر کرائم ونگ میں درج کیا گیا، مقدمہ ایف آئی اے کے ٹیکنیکل اسسٹنٹ انیس الرحمان کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ اعظم سواتی کے خلاف مقدمہ تضحیک اور پیکا ایکٹ کے تحت درج کیا گیا ہے، اعظم سواتی کو دفعہ 500-501-505 اور 109 کے تحت گرفتار کیا گیا۔

پنجاب کے 9 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا (آج) سے شروع ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے 9 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا آغاز آج (پیر) سے ہوگا، پانچ سال تک کی عمر کے 63 لاکھ بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی میں مہم سات روز جاری رہے گی جبکہ دیگر چھ اضلاع میں انسداد پولیو مہم پانچ روز جاری رہے گی۔ ان چھ اضلاع میں سیالکوٹ، ڈی جی خان، ملتان، میانوالی، بہاولپور اور راجن پور شامل ہیں۔ انسداد پولیو مہم میں سو فیصد کوریج کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

ثروب ڈویژن امدادی سرگرمیاں فوٹو سیشن تک محدود

متاثرین بے یار ومددگار زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، سمیع اللہ مندوخیل

ثروب (نامہ نگار) وفاقی وصوبائی حکومتوں اور محکمہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے سیلاب متاثرین کی بحالی میں مکمل ناکام ہو گئیں۔ رپورٹ کے مطابق مون سون کی طوفانی بارشوں سے ثروب ڈویژن ضلع ثروب کے مختلف علاقوں کاکڑ خراسان قمر دین کاریز کستوئی دانہ عبداللہ زئی مرغہ کبزئی بابر خوستی سمبازہ شہر کے قریبی دیہاتوں میں بڑے پیمانے نقصانات ہوئے کھڑی فصلیں تباہ، مکانات منہدم، مال مویشی سیلابی پانی بہا کرلے گئے جبکہ متعدد افراد جاں بحق ہوگئے حفاظتی بندات، قومی شاہراہیں، رابطہ پل بہہ گئے عوام کو بارشوں اور سیلاب ا بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

سکھر ملتان موٹروے کی حفاظتی جالیاں چوری ہونے کا انکشاف

سکھر (این این آئی) سکھر ملتان موٹروے کی حفاظتی جالیاں چوری ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق موٹروے کی سائیڈ میں نصب حفاظتی جالیاں چوری ہونے لگی ہیں۔ سکھر پولیس نے موٹروے کی جالیاں چوری کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی جالیاں برآمد کرلیں۔

اساتذہ کے مسائل میں جلد پیشرفت نہ کی گئی تو بھرپور احتجاج کیا جائیگا، محمد اسلم عدیل رونجھو

جی پی ایف سلپ کے اجرا میں تاخیر پر تشویش کا اظہار، گذشتہ پانچ ماہ سے کیسز خزانہ آفس میں پڑے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) اساتذہ کے مسائل میں محکمہ خزانہ لسبیلہ نے جلد پیش رفت نہ کی گئی تو ضلعی کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں بھرپور احتجاج کیا جائے گا اور اساتذہ کرام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر اوتھل کا رخ کرے گا جس کی ذمہ داری خزانہ آفس اوتھل پر ہوگی، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن سرکل بیلہ کا اسماعیلی بیلہ کیا ہم اجلاس میں فیصلہ، اساتذہ کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم، ضلعی کابینہ کے ایگزیکٹو رول کی تعریف، خزانہ آفس اوتھل میں ریٹائر اساتذہ کے بقایاجات جی پی ا بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ہم ہمیشہ پاک فوج کیساتھ رہے ہیں، سخی میر امان اللہ خان نوتیزئی

امید ہے نئے آرمی چیف سرحدی علاقوں میں چائی کی عوام کیلئے مزید آسانیاں پیدا کرینگے

واہجدین (این این آئی) واہجدین میں بابائے چائی چینل، الفتح چینل، اور بزنجو چینل کے زیر اہتمام پاک فوج کی حمایت میں پاکستان زندہ باد کار ریلی نکالی گئی، ریلی ڈنو کے مقام سے شروع ہوکر واہجدین شہر کے مختلف شاہراہوں پر گشت کرتے ہوئے واپس فیصل کالونی چوک پر پہنچی ریلی کی قیادت سابق صوبائی وزیر سخی میر امان اللہ خان نوتیزئی، سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین میر داود خان نوتیزئی، حاجی عرض محمد بزنجو، حاجی صاحب خان محمد حسنی نے کیا فیصل کالونی بائی پاس چوک پر جلسے کی شکل اختیار کرلیا جلسے سے سابق صوبائی وزیر سخی میر امان اللہ خان، سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین میر داود خان نوتیزئی، حاجی عرض محمد بزنجو، حاجی میر احمد محمد حسنی، و دیگر نے خطاب کیا ا بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

پاکستان کا ڈیفالٹ رسک خطرناک سطح پر پہنچ گیا ہے، مفتاح اسماعیل

مجھے نہیں معلوم کہ ڈالر کی بہترین شرح کیا ہے، صرف مارکیٹ اس کا تعین کرسکتی ہے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پاکستان کا ڈیفالٹ رسک خطرناک سطح پر پہنچ گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر پیغام جاری کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رہنما مفتاح اسماعیل نے لکھا کہ مجھے نہیں معلوم کہ ڈالر کی بہترین شرح کیا ہے، صرف مارکیٹ اس کا تعین کرسکتی ہے۔ گزشتہ سال درآمدات 80 بلین ڈالر اور برآمدات 31 بلین ڈالر تھیں اور وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو مشورہ دیا ان کی نمبر ون ترجیح یہ نہیں ہونی چاہیے کہ درآمدات کو آسان اور برآمدات کو مشکل بنایا جائے۔

کوئٹہ، پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر وسابق اسپیکر صوبائی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ پشین بچاؤ تحریک کے زیر اہتمام دھرنے سے خطاب کررہے ہیں

تحصیل وڈھ میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق ہوگئے

تحصیل وڈھ علاقے وہیر میں تیز رفتار زمباد گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہوکر الٹ گئی

واقعہ کی اطلاع پر وڈھ لیویز فورس کے لائن انچارج محمد فاروق مینگل موقع پر پہنچ کر نعشیں ہسپتال منتقل کردیا

وڈھ (این این آئی) تحصیل وڈھ علاقے وہیر میں تیز رفتار زمباد گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہوکر الٹ گئی حادثے میں تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ تحصیلات کے مطابق گزشتہ روز پنجگور سے ایرانی تیل لوڈ زمباد گاڑی کو وڈھ کے علاقے وہیر میں حادثہ پیش آیا تیز رفتار زمباد گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہوکر پل سے جا ٹکرائی حادثے کی شدت کی وجہ سے گاڑی روڈ سے نیچے جا گری گاڑی میں سوار تینوں افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے حادثے میں جاں بحق دو افراد نیاز احمد ولد محمد اسلام اور انکے ساتھی سکنہ پنجگور وشہود اور محمد خان ساسولی سکنہ تال ہڑبو کے رہائشی ہے واقعہ کی اطلاع پر وڈھ لیویز فورس کے لائن انچارج محمد فاروق مینگل موقع پر پہنچ کر نعشیں ہسپتال منتقل کردیا۔ لیویز فورس کے مطابق نعشیں ورثا کے حوالے کردیا گیا ا بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

زیارت، بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کاکلی کان دام، یونین کونسل سارو کلی تنگی میں بی اے پی میں نئے شامل ہونے والے کے ہمراہ گروپ فوٹو بی اے پی کے ضلعی صدر عبدالستار کاکڑ بھی موجود ہے

عام انتخابات میں نیشنل پارٹی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی، بلوچ

ملک بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا، بلوچستان کے ساحل ووسائل اور عوام کے حقوق پر کسی بھی صورت سودے بازی نہیں کریں گے، میر رحمت بلوچ

بلوچستان کے ساحل ووسائل اور عوام کے حقوق پر کسی بھی صورت سودے بازی نہیں کریں گے نیشنل پارٹی نے ہمیشہ آئین قانون اور جمہوریت کے لئے جدوجہد کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر رحمت بلوچ نے کہا ہے کہ ملک بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا بلوچستان کے ساحل ووسائل اور عوام کے حقوق پر کسی بھی صورت سودے بازی نہیں کریں گے نیشنل پارٹی نے ہمیشہ آئین قانون اور جمہوریت کے لئے جدوجہد کی ہے نیشنل پارٹی صوبہ بھر میں فعال ہورہی ہے اور آئندہ عام انتخابات میں نیشنل پارٹی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت عام کی کوئی چیز نہیں یہاں صوبہ کے وسائل کو بے دردی سے لوٹا جارہا ہے عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں کئے جارہے بیروزگاری کی شرح بڑھ رہی ہے صوبائی حکومت ہر شعبہ میں ناکا ا بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

اسمبلی استعفوں سے متعلق عمران خان کے حکم پر فوری عمل ہوگا، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) معاون خصوصی اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ اسمبلی استعفوں سے متعلق عمران خان کے حکم پر فوری عمل ہوگا اور خیبر پختونخوا حکومت عمران خان ا بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

بدعنوان سیاستدانوں کا علاج بچوں کی تعلیم وتربیت اور کاروبار باہر ہوتے ہیں

امریکی غلامی سے نجات اور بدعنوانی ختم کیے بغیر ملک میں ترقی وخوشحالی نہیں آسکتی، ڈاکٹر عطاء الرحمان

کوئٹہ (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان ڈاکٹر عطاء الرحمان نے کہا کہ امریکی غلامی سے نجات اور بدعنوانی ختم کیے بغیر ملک میں ترقی وخوشحالی نہیں آسکتی۔ معیشت پر بدعنوان عناصر کا قبضہ ہے جو صرف آئی ایم ایف کے غلام اور بدعنوان ہیں۔ بدقسمتی سے ملک میں قانون وانصاف نام کی کوئی چیز نہیں قانون اگر ہے تو صرف غریبوں پر لاگو ہے سرمایہ داروں بدعنوان سیاستدانوں پر قانون لاگو نہیں۔ ایک دن سب سے بڑا بدعنوان جبکہ پھر وہی فرد آشیرباد سے ہیرو بنا دیا جاتا ہے اسلامی نظام، قانون کی حکمرانی اور انصاف کا بول بالا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

کھیلوں کی سرگرمیوں کی بدولت برائی